SENATE OF PAKISTAN

SENATE DEBATES

Sunday, the 15th November, 1992

The Senate of Pakistan met in the Senate Hall (Parliament House) Islamabad at ten of the clock in the morning, with Mr. Chairman (Mr. Wasim Sajjad) in the Chair.

RECITATION FROM THE HOLY QUR'AN

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

وَٱسْتَمِعْ يَوْمَ يُنَادِ ٱلْمُنَادِ مِن مَّكَانٍ قَرِيبٍ
﴿٤١﴾ يَوْمَ يَسْمَعُونَ ٱلصَّيْحَةَ بِٱلْحَقِّ ۚ ذَٰلِكَ يَوْمُ ٱلْخُرُوجِ ﴿٤٢﴾ إِنَّا
نَحْنُ نُحْيِۦ وَنُمِيتُ وَإِلَيْنَا ٱلْمَصِيرُ ﴿٤٣﴾ يَوْمَ تَشَقَّقُ ٱلْأَرْضُ
عَنْهُمْ سِرَاعًا ۚ ذَٰلِكَ حَشْرٌ عَلَيْنَا يَسِيرٌ ﴿٤٤﴾ نَّحْنُ أَعْلَمُ بِمَا يَقُولُونَ
وَمَآ أَنتَ عَلَيْهِم بِجَبَّارٍ ۖ فَذَكِّرْ بِٱلْقُرْءَانِ مَن يَخَافُ وَعِيدِ ﴿٤٥﴾

[ترجمہ : شروع کرتا ہوں اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان اور نہایت رحم والا ہے۔ اور سنو جس دن پکارنے والا نزدیک کی جگہ سے پکارے گا۔ جس دن لوگ چیخ یقیناً سن لیں گے۔ وہی نکل پڑنے کا دن ہے۔ ہم ہی تو زندہ کرتے ہیں اور ہم ہی مارتے ہیں اور

SENATE OF PAKISTAN

SENATE DEBATES

Sunday, the 15th November, 1992

The Senate of Pakistan met in the Senate Hall (Parliament House) Islamabad at ten of the clock in the morning, with Mr. Chairman (Mr. Wasim Sajjad) in the Chair.

RECITATION FROM THE HOLY QUR'AN

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

وَاسْتَمِعْ يَوْمَ يُنَادِ الْمُنَادِ مِن مَّكَانٍ قَرِيبٍ
﴿٤١﴾ يَوْمَ يَسْمَعُونَ الصَّيْحَةَ بِالْحَقِّ ذَٰلِكَ يَوْمُ الْخُرُوجِ ﴿٤٢﴾ إِنَّا
نَحْنُ نُحْيِي وَنُمِيتُ وَإِلَيْنَا الْمَصِيرُ ﴿٤٣﴾ يَوْمَ تَشَقَّقُ الْأَرْضُ
عَنْهُمْ سِرَاعًا ذَٰلِكَ حَشْرٌ عَلَيْنَا يَسِيرٌ ﴿٤٤﴾ نَحْنُ أَعْلَمُ بِمَا يَقُولُونَ
وَمَا أَنتَ عَلَيْهِم بِجَبَّارٍ فَذَكِّرْ بِالْقُرْآنِ مَن يَخَافُ وَعِيدِ ﴿٤٥﴾

[ترجمہ : شروع کرتا ہوں اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان اور نہایت رحم والا ہے۔ اور سنو جس دن پکارنے والا نزدیک کی جگہ سے پکارے گا۔ جس دن لوگ چیخ یقیناً سن لیں گے۔ وہی نکل پڑنے کا دن ہے۔ ہم ہی تو زندہ کرتے ہیں اور ہم ہی مارتے ہیں اور

ہمارے ہی پاس لوٹ کر آنا ہے۔ اس دن زمین ان پر سے پھٹ جائے گی اور وہ جھٹ پٹ نکل کھڑے ہوں گے۔ یہ جمع کرنا ہمیں آسان ہے۔ یہ لوگ جو کچھ کہتے ہیں ہمیں خوب معلوم ہے اور تم ان پر زبردستی کرنے والے نہیں ہو پس جو ہمارے (عذاب کی) وعید سے ڈرے اس کو قرآن سے نصیحت کرتے رہو۔]

Syed Iqbal Haider : Mr. Chairman Sir, point of order. Sir, I have to inform this August House that despite the statement of the governments that they will abide by the law, a large number of raids were carried out in Islamabad last night and several PPP leaders and workers have been arrested and the police have misbehaved with the women and they have raided in such a vicious manner that violates the dignity of the House, dignity of women and human rights.

جناب چیئرمین: یہ پوائنٹ آف آرڈر تو نہیں بنتا آپ باقائدہ کوئی تحریک لائیں۔

Syed Iqbal Haider : Sir, this is a matter of serious protest.

جناب چیئرمین: وہ صحیح ہے it affects the dignity of the House کوئی تحریک التوا لائیں۔

Syed Iqbal Haider : Sir, the government says that we will allow the long March but it has to be peaceful but state terrorism is being adopted by them.

جناب چیئرمین: آپ سمجھائیں تو سہی what is about the long March دور سے لوگ مارچ کرکے آرہے ہیں یا بسوں پر آرہے ہیں۔

سید اقبال حیدر: جناب والا، مجاہدین جمہوریت جو کوئٹہ اور سرحد سے سوات سے آرہے ہیں۔

جناب چیئرمین: تو بس میں آئیں گے یا پیدل آئیں گے۔

سید اقبال حیدر: جناب والا کچھ پیدل بھی کچھ موٹر سائیکل پر بھی۔

جناب چیئرمین: تو why not call it the long ride پھر تو long ride ہو گیا any how I would suggest that you please give a motion in the appropriate manner and then we will consider it on its merit.

Syed Iqbal Haider : Right Sir.

Mr. Chairman : Yes, Muzamal Shah Sahib.

سید مزمل حسین شاہ: جناب والا میں عرض کرتا ہوں کہ ان کا یہ پوائنٹ آف آرڈر بنتا نہیں ہے۔

جناب چیئرمین: میں نے پہلے ہی کہہ دیا ہے۔

سید مزمل حسین شاہ: democratic process جو بھی ہو جس انداز سے بھی کیا جائے یہ کوئی پوائنٹ آف آرڈر نہیں بنتا۔

جناب چیئرمین: میں نے پہلے ہی کہہ دیا ہے۔

سید اقبال حیدر: جناب چیئرمین انہیں بھی منسٹر بنا دیں میں نے پہلے بھی کہا تھا۔

LEAVE OF ABSENCE

جناب چیئرمین: رخصت کی درخواستیں۔ ملک حاجی فرید اللہ خان صاحب ذاتی وجوہ کی بنا پر مورخہ ۱۲ نومبر کو اجلاس میں شرکت نہیں کر سکے اس لئے انہوں نے اس تاریخ کے لئے ایوان سے رخصت کی درخواست کی ہے، منظور ہے؟

(رخصت منظور ہوئی)

جناب چیئرمین: تحاریک استحقاق، نمبر ۱ اور نمبر ۷ سید اقبال حیدر اور پروفیسر خورشید احمد صاحب۔

PRIVILEGE MOTION REGARDING AMENDMENTS IN NATIONAL HIGHWAY AUTHORITY BILLS

On the non-fulfillment of the assurance of the Minister for Communications given before the Standing Committee that the Highway Authority Bill would be amended in the light of the amendments proposed by the movers.

Syed Iqbal Haider : Sir, I beg to move the following privilege motion of importance ;

During the session of Senate in May, 1991 while the National Highway Authority Bill 1991 was being passed, the then honourable Minister for Communication had given a categorical assurance in the house that the Government shall move another Bill within 2 months to amend the said law after considering the amendments suggested by me and some other Senators. I understand that similar commitment was also made by the honourable Minister before the Standing Committee which considered and approved the Bill on this assurance.

So much time has passed but the government has not so far moved any Bill to amend the National Highway Authority Act, 1991, which was passed by this House on the basis of the commitment that it would be amended within the next two months.

The aforesaid failure of the honourable Minister for Communications is a clear breach of commitment and constitutes a serious breach of privilege.

I seek leave of this August House to move this motion, which deserves to be admitted and discussed in the House.

Mr. Chairman : Professor Sahib, you should also read.

Prof. Khurshid Ahmed : The National Highway Authority Bill was moved in the Senate in May, 1991 and I along with some other Senators, moved certain amendments. The case was referred to the Standing Committee in which the Minister and the Secretary Communications assured that within a maximum period of (then) two months the law would be amended in accordance with the

points agreed upon. We withdrew our amendments on that assurance. So much time has passed and the government has not so far moved any Bill to amend the said law which was passed on the basis of the commitment that it would be modified within the next two months.

Non-fulfillment of this categorical commitment constitutes a breach of privilege and I seek the leave of the House to move this motion so that it may be either discussed by the House or referred to the Privileges Committee.

Mr. Muhammad Azam Khan Hoti : Sir, I oppose it but first I want to explain it.

Mr. Chairman : You want to explain it, right.

جناب محمد اعظم خان ہوتی : جناب والا جہاں تک commitment کا تعلق ہے یہ بات صحیح ہے کہ اس وقت جب یہ بل سینٹ میں پیش کیا گیا تھا تو assurance دی گئی تھی اور پھر ایک علیحدہ ملاقات میں بھی اس وقت کے جو وزیر مواصلات تھے انہوں نے محترم اراکین کو یہ تسلی دی تھی کہ یہ ترامیم لائی جائیں گی اور پھر اسی بنیاد پر summary کابینہ کی منظوری کے لئے پیش کی گئی کیونکہ ترمیم تب ہی آسکتی ہے جب اس کو کابینہ ایک دفعہ بل پاس ہونے کے بعد منظور کرلے اور اس وقت سے لے کر ابھی تک اس کو pursue کررہے ہیں میں خود ذاتی طور پر، لیکن کابینہ کے پاس اتنا back-log ہو جاتا ہے کہ یہ دو تین مرتبہ اس سے رہ گیا ۔ میں خود اس میں ذاتی طور پر دلچسپی لے رہا ہوں کیونکہ اس میں کسی اعتراض کی کوئی گنجائش نہیں ہے۔ ایک محترم سینیٹر اور ایک محترم ممبر قومی اسمبلی کو اپنے طور پر ہی نامزد کردیا گیا تھا نیشنل ہائی وے کونسل کے لئے اور پھر اس کے بعد یہاں اس معزز ایوان نے پیر عباس شاہ صاحب کو باقائدہ ممبر منتخب کیا اس میں ہمیں کوئی اعتراض نہیں ہے لیکن صرف Procedural چیز ہے کہ تھوڑا وقت اس پر لگا کہ ابھی تک کابینہ نے منظوری نہیں دی۔

جناب چیئرمین : کیا ابھی تک کابینہ میں pending ہے؟

جناب محمد اعظم خان ہوتی: جی جناب، اور میں اس کو خود pursue کر رہا ہوں۔ میں یقین دلاتا ہوں کہ جونہی کابینہ ترمیم کی منظوری دے گی تو اسی وقت اس کو ایوان میں پیش کر دیا جائے گا۔

سید اقبال حیدر: ڈیڑھ سال کا عرصہ ہو گیا ہے اور مجھے خوشی ہے کہ وزیر موصوف نے تسلیم کیا ہے کہ اس طرح کی commitment ہوئی تھی اور اب اس commitment کا پورا کرنا باقی ہے تو اس کو defer کر دیں جب تک کہ یہ بل پیش نہیں کرتے۔

جناب چیئرمین: defer تو میں تب کروں جب *prima facie* آپ کا breach of privilege کا کوئی کیس بنتا ہو کیونکہ اصول یہ ہوتا ہے کہ،
assurance and statement by the Minister unless it can be proved to be a latent lie, it does not form the basis of a privilege motion.

Syed Iqbal Haider : Sir, it amounts to that because after a lapse of one year and eight months then it can not be treated as a mere negligence.

Mr. Chairman : Please see that I will read to you on Page 237 of Kaul. It says ;

> "non implementation of an assurance given by a Minister on the floor of the House is neither a breach of privilege nor a contempt of the House."

It is page 237 and then on Page 234 ;

> "Incorrect statement made by a Minister can not make any basis for breach of privilege, it is only a deliberate lie, if it can be substantiated that would certainly bring the offence within the meaning of the breach of privilege."

So, unless you can sure that the statement was a deliberate lie intended to mislead the House, the other remedy available to you would be to sent it to the Assurances' Committee of the House اور ان

کا یہ بھی کہنا ہے وہ اس سے ہٹ نہیں رہے ہیں کہ جی ہم process کر رہے ہیں It is before the Cabinet. So, it appears that as far as the Minister is concerned that was not a blatant lie or an incorrect statement.

سید اقبال حیدر : جناب والا anxiety صرف اس وجہ سے ہے کہ اس میں ایک ترمیم تھی کہ arbitrary powers of the Chairman of the National Highway Authority وہ موصوف تمام ایمپلائز آف ورکرز پر ڈنڈا چلا رہے ہیں اور دھڑا دھڑ برطرفیاں کر رہے ہی۔ اور کہتے ہیں کہ کر لو جو کرنا ہے میں بادشاہ ہوں تو اس amendment کے خلاف ہم نے ترامیم دی تھیں اس پاور کے خلاف کہ یہ absolute power of dismissal should not be held and enjoyed by the Chairman. He says this is the law, I have the authority, اس سے بڑا unrest ہو رہا ہے۔

National High-ways is not being functioning smoothly, there is tremendous unrest. He says, I don't care as long as this power is available to me, I will dismiss you and he is doing so.

دوسری بات یہ ہے کہ ایک سال آٹھ مہینے کا وقفہ گزر چکا ہے کبھی بھی amendment نہیں آئی۔ اس لئے ٹھیک ہے آپ اسے privilege کمیٹی کے پاس ضرور بھیج دیں۔

and let it be examined that whether this delay is justifiable or amounts to lie or misleading the House.

جناب چیئرمین : پروفیسر صاحب۔

جناب محمد اعظم خان ہوتی : جناب والا!

جناب چیئرمین : پروفیسر صاحب کی بات سن لیں آپ آخر میں بات کر لیں۔

پروفیسر خورشید احمد : جناب چیئرمین اس ایوان میں ہمارا رویہ ہمیشہ یہ رہا ہے خواہ کسی فرد کا تعلق حزب اختلاف سے ہو یا حزب اقتدار سے جو چیز اس ملک کے مفاد میں ہے معقولیت اور جمہوری حدود میں ہو اس میں ایک دوسرے کو accommodate کیا ہے اور privilege motion لانے پر ہم مجبور اس لئے ہوئے کہ اس معاملے میں جو تاخیر ہے وہ prima facie justifiable نہیں ہے میں آپ کی توجہ دو تین چیزوں کی طرف مبذول کرانا چاہتا ہوں پہلی بات تو یہ ہے کہ یہ ایک ایسا مسئلہ ہے جو محض academic interest کا نہیں ہے بلکہ اس کے اندر دو بنیادی اصول involve ہیں پہلا اس ادارے

کے مزدوروں کا یہ حق کہ وہ اپنی یونین بنا سکیں اپنے حقوق کے لئے کام کر سکیں اور دستور نے جو اختیار اس ملک کے مزدوروں کو دیا ہے عام انسانوں کو دیا ہے اس کا فائدہ اٹھا سکیں۔ دوسری بات یہ کہ ایک ایسا ادارہ جس کا تعلق سارے پاکستان سے ہے جن سڑکوں کو پاکستان کے تمام صوبوں میں پہنچنا ہے اس کے لئے ضروری ہے کہ پورے ملک کے جو نمائندے ہیں، خاص طور سے قومی اسمبلی اور سینٹ انہیں نامناسب نمائندگی دی گئی ہے ہم نے دس بارہ amendments دی تھیں لیکن ان دو چیزوں پر اتفاق رائے ہوا تھا وزیر اور سیکرٹری سے بھی اور حکومت نے کہا تھا ہاں یہ دونوں مطالبات آپ کے جائز ہیں ہم انہیں تسلیم کرتے ہیں اور ہم انہیں دو ماہ کے اندر نئے قانون میں amendment کے ذریعے سے پورا کر دیں گے۔ تو پہلی بات میں یہ کرنا چاہتا ہوں کہ یہ ایک اکیڈمک ایشو نہیں ہے بلکہ ایسا ایشو ہے جس کا تعلق بیک وقت مزدورں کے حقوق، اس ایوان اور اس ملک میں جو provincial automony دستور نے فراہم کی ہے اس provincial autonomy کا حاصل کرنا اور مجھے بڑا دکھ ہے کہ جو حکومت ایک طرف غریبوں اور عوام کا نام لیتی ہے۔ پراونشل اٹانومی کی بات کرتی ہے لیکن ان دونوں اصولوں کو violate کیا جا رہا ہے delay کیا جا رہا ہے اور میں بتانا چاہتا ہوں کہ اس ملک میں جو بے چینی لوگوں میں پیدا ہو رہی ہے اس کی بنیادی وجہ یہ ہے کہ دستور نے جو حقوق دیئے ہیں ہم ان حقوق کو نافذ نہیں کر رہے جس کی وجہ سے یہ خرابی پیدا ہو رہی ہے۔ جب لوگ پراونشل اٹانومی سے آگے بڑھتے ہیں اس لئے کہ جو دستور نے autonomy دی ہے آپ ان کو نہیں دیتے اس کا رد عمل ہوتا ہے تو یہی دونوں صورتیں involved ہیں اور ان دونوں صورتوں کو violate کیا جا رہا ہے یہ ایک grave پرابلم ہے میں academic مسئلہ نہیں جناب والا دوسری بات میں آپ سے عرض کروں گا بلاشبہ کول اور شکدر نے وہ لکھا ہے جو آپ نے پڑھکر سنایا لیکن میں آپ سے یہ چاہوں گا کہ قانون کے الفاظ اتنے مستعد نہیں بلکہ اس کے intent اور propriety کے نقطہ نظر سے آپ دیکھیں ایک وعدہ وہ ہوتا ہے جو vague وعدہ ہوتا ہے ہاں بھئی ہم ضرور اس کا کچھ کریں گے دوسرا وعدہ یہ ہوتا

ہے کہ نہیں، ہم نے یہ دو باتیں تسلیم کی ہیں اور ان دو باتوں کو ہم اتنی مدت کے اندر اندر پورا کر دیں گے یہ دونوں باتیں برابر نہیں ہیں اور اگر اس دوسری نوعیت کے وعدے کو نظر انداز کیا جائے۔ remind کرنے پر بھی نظر انداز کیا جائے ایسا نہیں ہے کہ میں یہ بات پہلی مرتبہ لا رہا ہوں میں نے اس سے پہلے ۴ فروری ۱۹۹۲ء کو بھی اس ایوان کو اس طرف متوجہ کیا تھا اور ایوان میں ۱۸ فروری ۱۹۹۲ء کو اس مسئلے پر بات ہوئی اور ۱۸ فروری کو بھی وزیر متعلقہ نے یہ بات کہی تھی کہ ہاں ہم نے وعدہ کیا ہے ہماری کچھ مشکلات ہیں ہمیں تھوڑا سا وقت اور دے دیا جائے اور یہ بات بھی کہی تھی کہ summary بالکل تیار ہے۔ ہم حکومت کو persuade کر رہے ہیں اور سب تیار بھی ہو گئے ہیں صرف ذرا وقت اور چاہیئے ہم نے کہا ٹھیک ہے کوئی بات نہیں آپ مزید وقت لے لیجئے لیکن ذرا آپ خیال فرمائیے اصل وعدہ ہوتا ہے مئی ۱۹۹۱ء میں اس کے بعد اس کی تجدید فروری ۱۹۹۲ء میں ہوتی ہے اور آج ۱۵ نومبر ۱۹۹۲ء کو محض ایک assurance پوری نہیں ہوئی اور یہ چیز کہ وہ assurance ٹائم کے ساتھ مقید ہو۔ میں یہ نہیں کہہ رہا کہ mandatory اگر declaratory بھی ہو جب بھی حکومت کی پوری ذمہ داری ہے اس قسم کے وعدوں کو پورا کرنے کی پھر میں بتاؤں گا کہ شاکدر نے جو لکھا وہ اپنی جگہ ہے لیکن وہیں آپ مطالعہ کریں تو یہ بھی دیکھیں گے کہ اگر کسی معاملے میں deliberate ایکشن آ جاتی ہے اب deliberate charge کا طریقہ کیا ہے ہم بھی جانتے ہیں لیکن deliberate کا معنی جہاں تک میں سمجھتا ہوں وہ یہ ہے کہ اگر ایک شخص سے ایک بار ایک بات ہو جائے تو یہ غلطی ہو سکتی ہے دوسری بار ہو جائے ہو سکتا ہے سہو خطا، لیکن ایک کام کو ایک شخص بار بار کرتا ہے تو ایک واقعے یا ایک امر کے بار بار صادر ہونے کی معنی یہ ہیں کہ وہ deliberate ہے وہ اتفاقی نہیں ہے یا اس کے لئے اعتماد میں لیا جائے وجوہ بتائی جائیں لیکن اس پورے عرصے میں نہ متعلقہ افراد نے کوئی کوشش کی اور آج ایوان میں داخل ہوتے ہوئے میری وزیر صاحب سے ملاقات ہو گئی اتفاق سے میں وہاں تھا انہوں نے کہا ہاں بھی ٹھیک ہے ہم کچھ کر رہے ہیں۔ کوئی کوشش نہیں کی گئی ہے وہ

افراد جن سے وعدہ کیا گیا ہو ان کو اعتماد میں لینے کا انہیں بتایا جائے۔ سب ٹھیک ہے آپ کی اس بات کو آج چھ مہینے ہو گئے ہیں فروری میں remind کیا تھا آج اس کو بھی ۸ مہینے ہو گئے ہماری یہ مشکلات ہیں کہ ہم یہ کر رہے ہیں اگر یہ چیز نہ ہو تو پھر اس کی حیثیت deliberate ہو جاتی ہے اس کی حیثیت اتفاقی نہیں رہتی لیکن میں پھر کول اور شکدر سے آگے بڑھ کر قرآن نے کہا ہے۔ (عربی) تم جو وعدے کرتے ہو ان کو پورا کرو ہم اسلامی ریاست ہونے کا دعویٰ کرتے ہیں الحمد للہ ہم سب مسلمان ہیں لیکن آج عالم یہ ہے زبان سے جو چاہیں آپ وعدہ کر لیں ایوان میں آکر جو چاہیں کو مٹ منٹ دے دیں سیٹنڈنگ کمیٹی میں جا کر آپ جو چاہیں بات کہہ دیں اس کے بعد آپ بالکل صرف نظر کر دیتے ہیں یہ کیسی چیز ہے تو اس بنا پر میں آپ سے کہوں گا یہ ایسا مسئلہ ہے جو فی الحقیقت violation of privilege کے دائرے میں داخل ہو رہا ہے آپ اس کو پرویلج کمیٹی کو بھیجیں یا ایشورنس کمیٹی کو اسے ضرور ٹیک اپ کریں۔

جناب چیئرمین: جی جناب۔

جناب محمد اعظم خان ہوتی: جناب والا یہ amendments اور privilege motion سے ہٹ کر دو ایک باتیں کی گئی ہیں ایک تو یہ ہے کہ نیشنل ہائی وے اتھارٹی میں کوئی زیادتی ہو رہی ہے اور وہاں پر لوگوں کو برطرف کیا جا رہا ہے اور کوئی ڈنڈا شاہی چل رہی ہے ایسی کوئی بات نہیں یہ صحیح ہے کہ ایک اٹانومس باڈی ہے لیکن حکومت کا ایک ذیلی ادارہ ہے اور حکومت کی پالیسز کے تحت کام کر رہا ہے اور اس کے پورے کنٹرول میں ہے کوئی ایسا واقعہ پیش نہیں آیا جہاں تک مزدوروں کا تعلق ہے کہ ان کے حقوق سلب کیے جا رہے ہیں۔ نیشنل ہائی وے اتھارٹی میں مزدوروں کا تصور تو ہے نہیں کیونکہ وہ تو ایک ایسا ادارہ ہے جہاں پر زیادہ کام experts اور consultants کے ذریعے چلتا ہے اور خود ان کے پاس کوئی ایسی آرگنائزیشن set-up نہیں وہ خود تعمیر کرتے ہیں بلکہ وہ ٹھیکے پر دیتے ہیں اور جہاں دیتے ہیں تو ان کے پاس مزدور ہوتے ہیں اگر چند ایک قاصد یا نائب قاصد ہوں ورنہ زیادہ سپروائزر اور کنسلٹنٹ اور ایکسپرٹ کا ادارہ ہے جہاں تک اس بات

کا تعلق ہے کہ جمہوری اداروں کی نمائندگی نہیں ہے اور پراونشل اٹانومی کو سلب کیا جارہا ہے اب بھی وہاں چیئرمین نیشنل ہائی وے کونسل سے لے کر جو کہ وزیراعظم ہیں اس کے علاوہ جتنے بھی آدھے لوگ بیٹھے ہوئے ہیں وہ بھی اسی قوم کے منتخب نمائندے ہیں وہ مختلف محکموں کے وزراء ہیں جو وہاں پر ہیں البتہ اس سے انکار نہیں کیا جاسکتا جتنی بھی اس میں توسیع کی جائے کوئی بری بات نہیں ہے۔ میں اس amendment کی مخالفت نہیں کر رہا۔ میں پھر اسی بات پر آرہا ہوں۔ صرف پروسیجرل کچھ مشکلات تھیں جن کو persue کیا جارہا ہے۔

جناب چیئرمین: دیر کافی ہو گئی ہے ایک سال سے زیادہ ہو گیا ہے۔

جناب محمد اعظم خان ہوتی: جی، میں اس بات کا اعتراف کرتا ہوں اور پھر ان کا یہ کہنا کہ Provincial autonomy کو سلب کیا جارہا ہے، ایسی کوئی بات نہیں ہے۔ نیشنل ہائی وے اتھارٹی میں نیشنل ہائی وے کونسل جن projects پر بات کرتی ہے تو صوبوں کو، صوبوں کی حکومتوں کو اعتماد میں لیا جاتا ہے اور ان کے مشوروں سے ہی نیشنل ہائی وے کونسل تمام پراجیکٹ approve کرتی ہے، ایسی کوئی بات نہیں ہے میں پھر بھی یقین دلاتا ہوں کہ ہم persue کر رہے ہیں۔ میں یہ جلدی کروں گا اور انشاء اللہ یہ ہو جائے گا۔

جناب چیئرمین: جی امیر حسین صاحب۔

چوہدری امیر حسین: میں نے اس میں یہ گزارش کرنا تھی فاضل ممبران سے جنہوں نے یہ موشن موو کیا ہے کہ آج پھر وزیر موصوف نے وضاحت کی ہے اور یقین دہانی بھی کرائی ہے کہ وہ پہلے ہی اس کو pursue کر رہے ہیں تو میں نہیں چاہتا کہ جیسے کہ جناب نے خود کال کو quote کیا کہ اس قسم کی کوئی رولنگ آجائے کیونکہ جناب ہماری اپنی چیئرز رولنگز ہیں۔ جناب یہ رولنگ ہے ۵ مارچ ۱۹۸۶ء کی۔ اس وقت چیئرمین غلام اسحاق خان صاحب تھے انہوں نے کہا ہے کہ:

"No question of breach of privilege is involved if an assurance is given by a Minister on the Floor of the House is not

implemented, it does not amount to a breach of privilege nor does it amount to the contempt of the House for the process of implementation is conditional on a number of factors."

جس طرح کہ اس میں بھی ہے کہ پہلے سمری ہوتی ہے پھر کابینہ کے پاس جاتی ہے تو جناب والا، کئی فیکٹرز اس میں involve ہوتے ہیں۔

So many factors are involved in it and that takes time. In order to constitute a breach of privilege or contempt of the House it has to be proved that a statement was not only wrong or misleading but it was made deliberately to mislead the House. A breach of privilege could arise only if a member or a Minister made a false or an incorrect statement willfully, deliberately and knowingly then the motion will therefore have to be ruled out of order.

آج چونکہ انہوں نے جیسے کہ وضاحت کی ہے کہ اس وقت بھی نیک نیتی سے statement دی اور وہ یہ کام کرنا چاہتے تھے اور آج بھی وہ کہتے ہیں کہ ہم یہ کام کرنا چاہتے ہیں، اس میں کوئی شک نہیں کہ تاخیر ہو گئی ہے تو وہ چونکہ فرما رہے ہیں کہ اس کو process کر رہے ہیں اور بل introduce کیا جائے گا۔ اس لئے میں اپنے بھائیوں سے گزارش کروں گا کہ اس کو process کریں۔ شکریہ۔

جناب چیئرمین: میں سمجھتا ہوں------

سید اقبال حیدر: اس وقت تک تو یہ لوگ ہوں گے ہی نہیں۔ اللہ تعالیٰ کے فضل سے یہ فرض ہماری حکومت میں ہی ادا ہوگا۔

(مداخلت)

Mr. Chairman : I agree with the honourable Minister that *prima facie* this does not amount to a breach of privilege but since it has taken an inordinate time to be implemented, I think, it is a fit matter which should go to the Assurances Committee of the House for such action as the Committee may deem fit. So, this will go to the Government House Assurances Committee.

Next Privilege Motion stands in the name of Raja Muhammad Afzal Khan, No. 13 and

اس کے ساتھ ہی حافظ حسین احمد کا ایک Privilege Motion نمبر ۱۰ ہے، تو میں ان دونوں کو اکٹھا لوں گا۔ راجہ صاحب پہلے آپ اپنی موشن پیش کر لیں۔

راجہ محمد افضل خان: میں حالیہ وقوع پذیر ہونے والے خاص اہمیت کے حامل واضع مسئلہ کے بارے میں جو سینٹ کی دخل اندازی کا متقاضی ہے، کو زیر بحث لانے کے لئے تحریک استحقاق پیش کرتا ہوں۔

پارلیمنٹ کا گھیراؤ اور لانگ مارچ جیسے اقدامات کے ذریعے قومی حکومت کے مطالعے سے متعلق تحریک استحقاق

مسئلہ یہ ہے کہ اس وقت ملک میں آئین مکمل طور پر نافذ ہے اور پارلیمنٹ جو کہ قومی اسمبلی اور سینٹ پر مشتمل ہے آئین کے تحت کام کر رہا ہے اور ملک میں اس وقت آئین کے تحت ایک جمہوری حکومت قائم ہے مگر محترمہ بے نظیر بھٹو جو قومی اسمبلی کی رکن اور قائد حزب اختلاف ہیں، نے صریحاً آئین کے منافی اور آئین کی پامالی کے مترادف سرگرمیوں کا آغاز کر دیا ہے اور وہ باوجود اس امر کے کہ وہ بدستور قومی اسمبلی کی رکن ہیں اور بطور رکن قومی اسمبلی ہر قسم کی مراعات و استحقاقات حاصل کر رہی ہیں اور اس کے ساتھ ہی آئین کی نفی کرتے ہوئے قومی حکومت کے قیام کا مطالبہ پارلیمنٹ کا گھیراو اور لانگ مارچ جیسے اقدامات کا بھی اعلان کر رہی ہیں جب کہ آئین کے تحت کسی رکن قومی اسمبلی کو یہ حق حاصل نہیں ہے کہ وہ آئین میں دئیے گئے طریقہ کار سے ہٹ کر کوئی ایسا طریقہ کار تجویز کرے جو آئین کے خلاف ہو یا ایسے اقدامات کرے جن سے آئینی ڈھانچہ متاثر ہو کیونکہ آئین میں اسمبلی توڑنے اور حکومت کو ہٹانے کے واضح طریقہ کار موجود ہیں اور جو رکن بھی آئینی طریقہ کار سے ہٹ کر کوئی ایسا طریقہ کار اختیار کرے جس سے آئین کی پامالی اور آئینی ڈھانچہ کو منہدم کرنا مقصود ہو وہ صریحاً آئین کی پامالی کے مترادف ہے۔

محترمہ بے نظیر بھٹو رکن قومی اسمبلی کے ان اقدامات سے میرے استحقاقات اور آئین کی پامالی ہوئی ہے۔

جناب چیئرمین: حافظ حسین صاحب بھی پڑھ دیں جی۔

حافظ حسین احمد: میرا اس سے مختلف ہے۔

جناب چیئرمین: تقریباً نوعیت ایک ہی ہے، الفاظ مختلف ہیں۔

حافظ حسین احمد: روزنامہ "انتخاب" حب، بلوچستان کے اداریہ کے مطابق محترمہ بے نظیر بھٹو اور (ریٹائرڈ) ائرمارشل اصغر خان نے کہا ہے کہ ۱۹۷۳ء کا دستور ناقابل عمل ہے اور اسے تبدیل کیا جائے۔ یہ ردی کی ٹوکری میں پھینک دیا جائے دستور اور آئین پارلیمنٹ بناتی ہے اور صرف پارلیمنٹ ہی اسے ختم یا تبدیل کر سکتی ہے مذکورہ بیان سے پارلیمنٹ کا استحقاق مجروع ہوا ہے اس لئے اس کو استحقاق کمیٹی کے سپرد کیا جائے۔

جناب چیئرمین: (چوہدری امیر حسین) پہلے میں ان کو سن لوں اور اس کے بعد آپ کو موقع دیا جائے۔ پہلے ان سے ان کے دلائل سن لیں۔

چوہدری امیر حسین: ٹھیک ہے جی۔

جناب چیئرمین: راجہ صاحب یہ بتائیں کہ یہ admissible کیسے بنتی ہے۔

How does it interfere with your functions as Member or with the functioning of the House?

راجہ محمد افضل خان: جناب والا، میں اس کے ایڈمسیبل ہونے پر چند ایک گزارشات کروں گا۔ لیکن اس سے پہلے میں یہ بھی گزارش کروں گا کہ۔ کہیں بھی ایم آر ڈی کی کسی پہلی میٹنگ یا کسی پلاننگ میں اس بات کا ذکر نہیں تھا کہ لانگ مارچ کیا جائے جیسے کہ اصغر خان ائرمارشل بھی کہہ چکے ہیں کہ ہمیں تو اچانک حکم ملا ہے اور لیڈران بھی یہ بات کہہ چکے ہیں۔ تو جناب والا، یہ حکم کیوں ملا۔ ابھی تک قوم اس کو پرکھنے میں، ڈگ اوٹ dig out کرنے میں لگی ہوئی ہے۔ اصل بات یہ ہے کہ یہ فارن inspiration ہے۔ اس لئے کہ موجودہ حکومت جو کشمیر کاز کو ہر فورم پر اٹھائے ہوئے ہے اور اس کو آگے بڑھا رہی ہے اصل مقصد اس کو روکنا ہے، گورنمنٹ کو interrupt کرتے ہوئے۔

جناب چیئرمین: پوائنٹ آف آرڈر ہے۔۔۔

Syed Abdullah Shah : Mr. Chairman, Sir, the honourable member is talking of something else and not that of admissibility.

جناب چیئرمین: میں یہی سننا چاہ رہا ہوں کہ یہ کیا کہنا چاہ رہے ہیں۔

(مداخلت)

راجہ صاحب، اصل point یہ بنتا ہے کہ یہ تحریک استحقاق admissible کیسے ہے۔
How does it interfere with your functions as a Member or with the functioning of the House ?

کہ آئین کی پامالی کس طرح ہوئی ہے۔ یہ بات سمجھائیں ناں،
Because that would be the relevant argument.

راجہ محمد افضل خان: جناب والا، میں اسی طرف ہی آنا چاہ رہا ہوں۔ جناب والا، آئین Government کو ہٹانے کا طریقہ کار، گورنمنٹ کو بنانے کا طریقہ کار بتاتا ہے، اسمبلی کے توڑنے کا طریقہ کار بتاتا ہے۔ اس میں سب کچھ موجود ہے۔ اگر آئین کسی بات پر خاموش ہو تو پھر اس کی تشریح کی جاسکتی ہے یا ایسا کوئی action لیا جاسکتا ہے۔ جناب والا، میں سب سے پہلے یہ بات کہوں گا کہ ایک بات ذہن میں رہے اور وہ ہے ممبر پارلیمنٹ کا اوتھ۔ میں اس کو سارا نہیں، لیکن اس کا جو concluding پیرا ہے، اس کو پڑھوں گا۔

"That I will preserve, protect and defend the Constitution of Islamic Republic of Pakistan."

یہ جناب سینٹ اور نیشنل اسمبلی کا اوتھ ہے، یہ ایک ہی ہے اس میں کوئی تفریق نہیں ہے، جناب والا، اس کے علاوہ آرٹیکل ۱۶ جو ہے۔ اگر آپ حکم فرمائیں تو میں آرٹیکل ۱۶ کو پڑھے دیتا ہوں۔

جناب چیئرمین: اگر relevant ہے تو پڑھ دیں۔

راجہ محمد افضل خان: Article 16 which reads as under :

"Every citizen shall have the right to assemble peacefully and without arms, subject to any reasonable restriction imposed by law in the interest of public order."

جناب والا اس میں یہ بات دیکھنے کی ہے کہ یہ اسمبلی کی اجازت تو ہے peacefully and without arms یہ اسمبلی تو ہو سکتی ہے اسمبلی کی اجازت بھی موجود ہے۔

reasonable restrictions imposed by law in the interest of public order."

جناب اس میں ریز ایبل restrictions کیا ہو سکتی ہیں وہ یہ ہے کہ یہ اسمبلی ایک ایسے کام کے لئے ہے جس کے لئے آئین میں پہلے ہی اجازت موجود ہے۔ جو emphasis کیا جا رہا ہے۔ وہ قومی اسمبلی کو ہٹانا مقصود ہے۔ تو قومی اسمبلی کو ہٹانے کا طریقہ کار بھی آئین میں دیا گیا ہے شاید اس لئے اس کلاز کا سہارا لیں تو یہ fulfil نہ کرے۔ اگلی بات جناب میں جو عرض کروں گا۔ یہ بھی relevant ہے۔

Article 17, proviso (3)—

"Every political party shall account for the source of its funds in accordance with law."

یہ میں آگے چل کر عرض کروں گا کہ اس کا استعمال بے تحاشہ کس طریقے سے ہو رہا ہے۔ پھر جناب آرٹیکل ۵۰ یہ واضح کرتا ہے۔

"There shall be a Majlis-e-Shoora (Parliament) of Pakistan consisting of the President and two Houses to be known respectively as the National Assembly and the Senate."

تو جناب والا یہ آئین ہے اس کے components ہیں President, National Assembly and the Senate. تو اس لئے اب اگر اس کو یوں deal کریں تو جناب والا نیشنل اسمبلی جو ہے اس کو تھوڑا الگ کر کے دیکھیں گے یا مجلس شوریٰ کو یا صدر کو تو میرا خیال ہے آئین میں جو composition کی گئی ہے پارلیمنٹ کی، مجلس شوریٰ کی، وہ یوں ہے اگر کوئی استحقاق مجروح ہوتا ہے تو وہ اس کو ....

جناب چیئرمین: نہیں یہ ٹھیک ہے لیکن استحقاق مجروح کیسے ہوتا ہے اس پہ آئیں ناں۔ آپ کا یہ کہنا ہے کہ جی یہ استحقاق اس لئے مجروح ہوتا ہے کہ آئین موجود ہے ادارے موجود ہیں اور کوئی ایسی چیز جو ان اداروں کی اتھارٹی ہے جو اس کی effectiveness ہے اس کو undermine کرے that is the breach of privilege. Is that what the argument is?

راجہ محمد افضل خان: جی میں اسی پہ آتا ہوں۔ اسی طریقے سے میں عرض کرتا ہوں کہ یہ آرٹیکل نمبر ۵۸ یہ اختیار دیتا ہے اسمبلی کو ختم کرنے کا، اگر آپ حکم دیں تو میں اس کو پڑھ دوں۔

جناب چیئرمین : نہیں ٹھیک ہے۔ سب جانتے ہیں۔

Raja Muhammad Afzal Khan : "The President shall dissolve the National Assembly on such and such grounds...

یہ اس میں واضح ہے کہ اگر قومی اسمبلی کو بھی ہٹانا ہو تو اسی آئین میں یہ شق بھی موجود ہے اس کے بعد جناب میں اس ہاؤس کا ممبر ہوں حلف بھی اٹھایا اور پھر میں اسی آئین کی خلاف ورزی کرنا چاہوں تو اس کے لئے بھی ایک طریقہ کار موجود ہے آرٹیکل نمبر ۶۴ میں، میں استعفیٰ دے کر اس پر کوئی بات کر سکتا ہوں اس کو violate کر سکتا ہوں۔

جناب چیئرمین : وائیلیٹ تو پھر بھی نہیں کر سکتے۔ آپ resign کر سکتے ہیں لیکن وائیلیٹ پھر بھی نہیں کر سکتے۔

راجہ محمد افضل خان : جناب والا! میں پریولج پورے لے رہا ہوں پارلیمنٹ کا ممبر ہوتے ہوئے بھی میں یہ کروں گا تو اس سے زیادہ گھناؤنی اور کوئی بات نہیں ہو گی۔

Mr. Chairman : Violation of the Constitution is not permitted under any circumstances whether by a person who has resigned whether by a person who is sitting.

Raja Muhammad Afzal Khan : Sir, it is quite true.

اب دیکھیں جی ۸۵ء کی اسمبلیاں آئیں جو باہر جماعتوں کے لیڈرز بیٹھے ہوئے تھے جو غیر جماعتی الیکشن ہوا وہ پارلیمنٹ کے متعلق بات کرتے تھے تو وہ کچھ لگتا تھا اس کا بائیکاٹ کیا ہے۔ لیکن یہاں تو ایسی بات ہوئی ہی نہیں اب جناب آرٹیکل نمبر ۹۱ ہے There shall be a Cabinet of Ministers اس میں حکومت کی formation کا ایک طریقہ کار دیا گیا ہے۔ صدر کا اس طور سے oath ہو گا ساری باتیں اس میں واضح کر دی گئی ہیں پھر اگر Cabinet کو ہٹانا مقصود ہو تو اس کے لئے بھی آرٹیکل نمبر ۹۵ ہے A resolution of vote of no confidence moved by not less than 20% of the total membership یہ سب اس میں پورا طریقہ کار دیا ہوا ہے اگر گورنمنٹ کو ہٹانا ہے کس طور پہ ہٹانا ہے اگر قومی اسمبلی کو ختم کرنا ہے تو اس کی شق بھی اس میں موجود ہے۔ اور جناب اس کی violation کس طرح سے ہوئی تو جناب والا عرض ہے کہ آپ

Article 6 : "High treason."

(1) Any person who abrogates or attempts or conspires to abrogate, subverts or attempts or conspires to subvert the Constitution by use of force or show of force or by other un-constitutional means shall be guilty of high treason."

Syed Abdullah Shah : Mr. Chairman, Sir, I again draw your kind attention to the fact that the honourable Member is not relevant. He is just wasting the time of the House. Also, he is not speaking on the admissibility.

Mr. Chairman : No Reference to Article 6 is relevant.

Syed Abdullah Shah : Let him give reference, alright, but not about the privilege motion. He is just making a speech on the Constitution.

جناب چیئرمین : آپ کو بھی موقع دیں گے ایک منٹ راجہ صاحب آپ windup کریں جی۔

راجہ محمد افضل خان : جناب والا! میں نے کوئی غیر متعلقہ بات نہیں کی جناب! میں نے تو صرف گزارشات اور ....

جناب چیئرمین : آپ ذرا windup کریں ناں۔

راجہ محمد افضل خان : جناب میں نے ایک ایک آرٹیکل پڑھا اس میں میں نے تفصیل سے بات بھی نہیں کی ہے .... میں نے جناب اتنی عرض کی کہ آپ دیکھ لیں کہ تمام remedies جو ہیں وہ آئین میں موجود ہیں حلف نامہ بھی میں نے اسی لئے پڑھا ——— اب یہ مجھے سمجھ نہیں آتی ہے کہ high treason سے اتنے خائف کیوں ہیں۔ وہ ٹھیک کہتے ہیں۔ جناب والا جب کبھی بھی یہ اس ملک میں ہوا ہے اس کے اچھے results نہیں آئے۔ پہلے بھی دو بار یہ بات ہو چکی ہے۔ آپ دیکھ لیں ۱۹۵۸ء میں........

جناب چیئرمین : اس وقت یہ قانون نہیں تھا۔ یہ ۱۹۷۳ء کے بعد بنا ہے۔

راجہ محمد افضل خان : جناب قانون نہیں تھا لیکن آئین کو توڑ دیا۔ آئین کو پامال کیا گیا۔ آج بھی وہی ہو رہا ہے۔ وہ وردی والے نے کیا، یہ ہم پرائیویٹ ڈریس میں آ کے کر

رہے ہیں، اس میں جناب فرق کیا ہے۔ اس کے نقصانات ہمیں کیا ہوئے۔ قوم نے آج تک سزا بھگتی ہے۔ ملک عزیز دولخت ہوا۔ مشرقی پاکستان میں نفرتوں نے جنم لیا۔ آگے آجائیں۔ پھر یہ واقعہ ہوتا ہے تو پھر کیا ہوتا ہے۔ پھر یہ نفرتیں سندھ میں پھیلیں۔ جب اس Constitution کو suspend کر دیا گیا، طاق میں رکھ دیا گیا، الماریوں کی زینت بنا دیا گیا تو جناب ایک ملک کے صوبے میں نفرتوں کے انبار لگ گئے۔ جہاں محبتیں ہوا کرتی تھیں۔

جناب چیئرمین: اب ذرا وائنڈ اپ کریں۔

راجہ محمد افضل خان: جناب والا اسی پر بات کر رہا ہوں۔ کوئی اور بات تو نہیں کہہ رہا۔

جناب چیئرمین: آپ کی بات اب سمجھ آگئی ہے ناں۔

راجہ محمد افضل خان: میں تھوڑی سی ان کے پوائنٹ آف آرڈر کے بعد گزارش کرنا چاہوں گا کہ جو ضروری ہے۔ جناب والا جیسے میں پہلے عرض کر رہا ہوں کہ یہ بیرونی اشارے پہ ہو رہا ہے۔ کیوں ہو رہا ہے، اس کی بھی میں گزارشات کر چکا ہوں۔ آج جو مجھے خطرہ لاحق ہے اور یہ میں نے Privilege Motion دیا ہے میں ایمانداری کی بات کروں گا کہ آج جس دور سے ہمارے سندھی بھائیوں کے دل میں یہ ایک نفرت ابھری تھی، خدانخواستہ پنجاب میں آج تک ایسی بات نہیں ہوئی۔ پنجاب میں پاکستانیت اللہ کے فضل سے ہے۔ ہم نے ان سندھیوں کو بھی جو وہاں پر elect نہیں ہو پائے ہم نے یہاں elect کیا۔ کوئی ایسا نہیں ہے۔ ہم نے ذوالفقار علی بھٹو کو کیا۔ نصرت بھٹو کو کیا۔ بے نظیر کو کیا۔

جناب چیئرمین: یہ تاریخ میں جانے کی ضرورت نہیں ہے۔ آپ کی بات سمجھ میں آ گئی ہے ناں۔

راجہ محمد افضل خان: جناب میں ریلیونٹ بات کر رہا ہوں۔ ایک منٹ لوں گا میں آپ کا، زیادہ نہیں لوں گا۔ یہ اتنا اہم ایشو ہے کہ جس میں تو بہت ٹائم چاہیئے تھا۔

جناب چیئرمین: بہت سارے ممبر بات کرنا چاہ رہے ہیں۔ اس لئے میں آپ کی جو قانونی بات ہے۔

راجہ محمد افضل خان: جناب میں قانونی بات پہ بھی آتا ہوں۔

جناب چیئرمین: یہ آپ کی قانونی بات ہو گئی ہے، سمجھ آگئی ہے۔

راجہ محمد افضل خان: میں نے جناب ابھی گزارشات کرنی ہیں۔

جناب چیئرمین: آپ کی بات ہو گئی ہے۔ آپ نے مختلف آرٹیکلز کا حوالہ دیا ہے۔

راجہ محمد افضل خان: میں صرف ایک گزارش کر کے صرف ایک یا دو لیگل اسپیکٹس آپ کی نظر کروں گا۔ اس سے زیادہ آپ کا وقت ضائع نہیں کروں گا۔ تو جناب والا بات یہ ہے کہ جتوئی صاحب کو بھی پنجاب نے elect کیا۔ جناب یہ ہاؤس محبتوں کا امین ہے۔ یہ چاروں صوبوں کو represent کرتا ہے۔ یہاں پہ ان باتوں پہ ضرور بات ہونی چاہیئے۔ آج تک تاریخ میں کوئی ایسی مثال نہیں ملتی کہ کسی اور صوبے نے پنجاب کے کسی لیڈر کو الیکٹ کیا ہو۔ لیکن ہم نے کیا ہے، ہم نے قربانیاں دی ہیں۔ میں پنجاب کو represent کر رہا ہوں۔ سینٹ کو بھی represent کرتا ہوں پنجاب کو بھی کرتا ہوں۔ سیالکوٹ سے بھی ہوئے ہیں۔ لیکن جناب والا آج خدانخواستہ جو یہ کھیل کھیلا جا رہا ہے کہیں پنجاب بھی اسی سوچ میں نہ بہہ جائے۔ تو پھر میں ان پر واضح کر دینا چاہتا ہوں جو آج بڑی پلاننگ سے اور بڑے طریقہ کار سے فارن ایڈڈ چیزوں کو آگے لا کے حکومت پہ کنٹرول کرنا چاہتے ہیں۔ اگر پنجاب ریئیکٹ کر گیا تو خدا کی قسم کبھی بھی پنجاب سے باہر شائد کوئی پرائم منسٹر نہ بن سکے گا۔ میری گزارش ہے کہ یہ غیر آئینی جو کام ہے اس کو روکا جائے۔ جو آئینی تقاضے ہیں ان کو پورا کیا جائے۔ اگر .Govt کو ہٹانا ہے تو اس طریقے سے ہٹایا جائے۔ تو جناب والا میں یہ آرٹیکل سکس (٦) پڑھ رہا تھا۔ اس کی پریوائیزو دو جو ہے، یہ میں ان لوگوں کے لئے گزارشات کر رہا ہوں جو اس میں ایڈ کر رہے ہیں۔ اس کے کمپونںٹ بن رہے ہیں۔

"Any person aiding or abetting the acts mentioned in clause (1) shall likewise be guilty of high treason."

یہاں تک نہیں ہے۔ اس میں جو لوگ شامل ہوں گے وہ بھی نہیں ہوں گے۔ پھر مجلس شوریٰ کا لفظ استعمال کیا گیا ہے proviso تین میں،

"Majlis-e-Shoora (Parliament) shall by law provide for the punishment of persons found guilty of high treason."

جناب والا یہ غور طلب بات ہے کہ اس میں پارلیمنٹ کا لفظ استعمال ہوا ہے۔ جناب والا ایک بات شائد میرے فاضل جو لاء کے سکالر بھی ہیں، وہ کہیں گے کہ جناب یہ ہاؤس مجلس شوریٰ میں تو آتا ہے لیکن اس میں کچھ شائد میز، یا کول، کو بھی کوٹ کریں گے۔ اس سے پہلے میں یہ گزارش کرنا چاہتا ہوں کہ یہ کہنا کہ جناب اس ہاؤس میں کوئی دخل اندازی نہیں ہے یہ جناب قطعاً غلط ہو گا۔ اس کی وجوہات یہ ہیں کہ نیشنل اسمبلی پانچ سال کے لئے منتخب ہوئی۔ سینٹ بائی روٹا تین تین سال کے بعد چھ سال کا ٹینور ہوتا ہے۔ اور پارلیمنٹ کا جب ایک حصہ فنکشنل نہیں ہوتا ہے تو وہ پارلیمنٹ نہیں کہہ پاتی۔ آپ دیکھ لیں گے کہ کوئی بھی قانون تشنہ رہ جائے گا کہ اگر ہم یہاں سے کر کے نیشنل اسمبلی میں بھیجیں اور اسے وہ اپروو نہ کرے یا نیشنل اسمبلی کرے تو یہاں اپروو نہ ہو۔ اگر نیشنل اسمبلی نہیں ہوتی ہے تو ہم یہاں کوئی لیجسلیشن کر کے بھیجتے ہیں تو جناب وہ لیجسلیشن نہیں ہو گی۔ اس لئے نیشنل اسمبلی کے خلاف غیر آئینی حرکات میں سمجھتا ہوں کہ یہ پوری پارلیمنٹ کے خلاف ہے۔ جناب والا اب میں آپ کی توجہ........

سید اقبال حیدر: جناب کوئی ٹائم لمٹ بھی ہے۔

Mr. Chairman : As long as the honourable members are relevant to the issue, I will not stop them.

Syed Abdullah Shah : Mr. Chairman, Sir, he is not relevant. That is my submission.

Mr. Chairman: I know, at some points he is relevant and at some points he is not. But if you (Syed Abdullah Shah) allow him to finish, may be he is winding up now.

افضل صاحب آپ کی بات سمجھ میں آگئی ہے۔ آپ کے arguments if you will wind up your speech now

جی میں آپ کو sum up کر دیتا ہوں ناں To answer these points I will sum it up later on. ذرا آپ windup کر لیں۔ یعنی half-hazard طریقے سے وہ because he has been......

راجہ محمد افضل خان: جناب والا میں اس کا موور ہوں۔

جناب چیئرمین: راجہ صاحب کافی ہو گئی ہے ذرا windup کریں۔ آپ نے جو بات کی ہے سمجھ میں آ گئی ہے۔ جو Privilege Motion سے متعلق ہے وہ میں نے نوٹ کر لی ہے۔ اب اس کو وائنڈ آپ کریں۔

راجہ محمد افضل خان: جناب والا پھر اس پر آرٹیکل ۴۸(۶) ہے۔ شائد اس پر آپ مجھے اتنی لمبی بات کرنے کی اجازت تو نہیں دیں گے۔

سید اقبال حیدر: اتنی لمبی ہو گئی ہے پھر بھی اور لمبی چاہیئے۔

جناب چیئرمین: آپ حوصلہ رکھیں آپ سب کو موقع دیا جائے گا۔

It is an important issue. So, whoever wants to speak on it I will given him a chance, to speak. Article 48(6) deals with the referendum.

تو آپ کہتے ہیں کہ اگر کوئی مسئلہ ہوتا ہے تو ریفرنڈم بھی کرایا جا سکتا ہے۔ تو آپ کا یہ کہنا ہے کہ کانسٹی ٹیوشنل طریقے موجود ہیں۔ agitation کرنا ہاؤس کی Dignity کو effect کرنا یہ breach of privilege بنتا ہے۔

راجہ محمد افضل خان: کوئی بھی ایسی چیز نہیں ہے جو کانسٹی ٹیوشن میں موجود نہیں ہے۔ اس لئے یہ unconstitutional ہے۔ صرف ایک بات کرتا ہوں۔ میں نے بہت سی باتیں کرنی تھیں۔ آپ کا حکم ہے تو میں اس کی تکمیل کرتا ہوں اور مختصراً ایک بات جناب میں آپ کی assistance کے لئے یہ عرض کرتا چلوں گا کہ یہ page 115, Parliamentary practices, 12st Edition ہے اس کا جناب یہ generally speaking اس کا جناب nutshell عرض کئے دیتا ہوں کہ ایوان کی توہین کا اندازہ عام طور پر کسی فعل یا کچھ کرنے سے، جس سے پارلیمنٹ کی ایوان کی کارکردگی میں رکاوٹ ڈالنے

کی کوشش کی جائے۔ جناب یہ کہیں گے کہ occurrence ہوئی نہیں ہے۔ یہ بڑا واضح ہے۔

جناب چیئرمین: یہ صفحہ کون سا ہے؟

راجہ محمد افضل خان: یہ صفحہ ہے ۱۱۵۔ یا کسی ایوان کے ممبر یا اس کے آفیسر کو ڈیوٹی دینے سے روکنے یا اس کو کام کرنے سے، کوئی امکان بھی ہو۔ ایوان کا مذاق اڑانا۔ اس کے نام کو دھبہ لگنے کا خطرہ ہوتا یہ تمام استحقاق مجروع کرنے کے زمرے میں آتے ہیں اس کے ساتھ ہی جناب میں وہ۔ اب آپ کا وقت بچاؤں گا پڑھوں گا نہیں۔ یہ Kaul ہے اور یہ صفحہ ہے ۲۰۹ جناب۔ اس کا relevant para ہے contempt of House may be defined یہ جناب اب میں نہیں پڑھتا کیونکہ بہت لمبی بات ہو جائے گی۔ جناب آخر پر میری یہ گزارش ہے ایوان سے جناب کی وساطت سے اور جناب سے کہ یہ کلیئر کٹ جو میں نے آرگومنٹس دیئے ہیں۔ یہ جو action ہو رہا ہے۔ it is a high-treason جناب والا میں نے جیسے پہلے عرض کیا کہ uniform میں آدمی آئے تو وہ high-treason ہوتا ہے۔ ویسے آجائے تو شاید یہ سمجھتے ہیں کہ نہیں ہے۔ میں یہ گزارش کروں گا کہ جناب میرے اس motion کو۔ یہ ایک important nature کا موشن ہے اور یہ بڑا مقتدر ایوان ہے۔ ایوان بالا ہے۔ higher legislature ہے تو گزارش یہ کروں گا کہ اسے admit فرماتے ہوئے اس پورے ایوان سے اس پر decision لیا جائے۔

جناب چیئرمین: شکریہ جی۔ جی جناب حافظ حسین احمد۔

حافظ حسین احمد: شکریہ جناب چیئرمین۔ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ جناب چیئرمین میں نے جس موضوع پر Privilege Motion پیش کی ہے اس کا تعلق ملک کے آئین اور دستور سے ہے۔ یقیناً اس اعتبار سے پاکستان کی تاریخ انتہائی المناک بلکہ دردناک ہے۔ ۴۵ سال کے اس دور میں ہم نے زیادہ تر مارشل لاء پر انحصار کیا۔ کچھ عرصے تک ہمارا ملک سرزمین بے آئین رہا۔ پھر ہم نے مختلف طریقے اپنائے۔ صدارتی نظام، بی ڈی سسٹم آخر کار ہم پارلیمانی نظام حکومت پر آکر ٹکے۔ لیکن اس کے بعد بھی مارشل لاء ایک بار پھر مسلط ہوا اور یقیناً ۸۵ء میں بھی غیر جماعتی بنیادوں پر الیکشن ہوئے۔ اسمبلیاں بنیں آج

جو پارٹی برسر اقتدار ہے اس کی حکومت بنائی گئی غیر جماعتی الیکشن کے ذریعے اور جناب محمد خان جونیجو کو وزیر اعظم بنایا گیا اور فقط موجودہ وزیر اعظم جناب محمد نواز شریف صاحب پنجاب کے وزیر اعلیٰ اور پنجاب مسلم لیگ کے صدر تھے۔ جبکہ جونیجو صاحب وزیر اعظم اور پاکستان مسلم لیگ کے صدر تھے۔ لیکن جنرل محمد ضیاء الحق مرحوم نے قومی اسمبلی کو توڑا وزیر اعظم جونیجو کو بد عنوان چور ڈاکو لٹیرا کہا دوسرے دن جناب نواز شریف صاحب نے اس کی حمائت کی اور دوبارہ وہ قائم مقام وزیر اعلیٰ بنے۔ ظاہر ہے یہ سب کچھ آج جو لوگ جمہوریت کی بات کرتے ہیں مارشل لاء کی بات کرتے ہیں۔ میں سمجھتا ہوں کہ ہم سب اس میں قصوروار ہیں۔ یقیناً کس کا کتنا حصہ ہے وہ تو مورخ تاریخ مرتب کرتے وقت اس بات کو لائے گا تاریخ کے اوراق میں۔ لیکن جناب چیئرمین صاحب میں نے جو بات کی ہے یا جس مسئلے پر میں نے تحریک دی ہے۔ اس میں یہ ہے کہ پارلیمنٹ کی supremacy کی بات دونوں اطراف سے کی جاتی ہے اور زیادہ تر میں سمجھتا ہوں کہ پارلیمنٹ کی supremacy ہماری محترمہ بے نظیر بھٹو صاحبہ اور ریٹائرڈ ائیر مارشل اصغر صاحب ہماری opposition میں قابل احترام رہنما ہیں۔ اور پچھلی قومی اسمبلی میں بھی یہی بات ہوتی رہی لیکن ہم سمجھتے ہیں کہ ایک قانون ساز اور دستور ساز ادارہ موجود ہے۔ پارلیمنٹ ہاؤس موجود ایوان بالا موجود ہے۔ ایوان زیریں قومی اسمبلی موجود ہے۔ ان دونوں ایوانوں میں پی ڈی اے کے ارکان قومی اسمبلی موجود ہیں۔ اس ایوان میں بھی اس وقت موجود ہے۔ اس ایوان میں بھی قائد حزب اختلاف پی ڈی اے سے تعلق رکھتا ہے۔ اور اس ایوان میں بھی یحییٰ بختیار صاحب موجود ہیں۔ لیکن میں سمجھتا ہوں کہ اس آئینی ادارہ کی موجودگی میں اگر صرف اس حد تک بیان دیا جائے کہ جناب یہ آئین فرسودہ ہو چکا ہے اور اسے ردی کی ٹوکری میں پھینک دیا جائے تو میں سمجھتا ہوں کہ اس کے بعد ان اداروں کی نہ وقعت رہتی ہے نہ ان کا کوئی وقار رہتا ہے۔ اور نہ ان کا کوئی جواز رہتا ہے۔ میں سمجھتا ہوں کہ جناب آئین کوئی صحیفہ آسمانی نہیں ہے۔ آئین انہی پارلیمنٹ کے ایوانوں نے منظور کیا ہے۔ آج بھی اس پورے آئین کو یہ دونوں ایوان منسوخ کر سکتے

ہیں۔ اسے تبدیل کر سکتے ہیں۔ اپنے منشور کے مطابق لاسکتے ہیں۔ لیکن میں سمجھتا ہوں کہ آپ پورے آئین کو منسوخ کریں بسم اللہ۔ آپ آٹھویں ترمیم کو ہمت کر کے، جو آپ کا مینڈیٹ تھا۔ جس کی بنیاد پر آپ نے ووٹ حاصل کئے تھے۔ جو ایم آر ڈی کے منشور میں تھا۔ اس کی بنیاد پر پچھلی قومی اسمبلی میں بھی ہم یہی کچھ کہتے رہے کہ بسم اللہ آئیے۔ لیکن جناب چیئرمین صاحب یہ تو کوئی بات نہیں ہوئی کہ اگر کل برسراقتدار وزیر اعظم محترمہ بے نظیر بھٹو صاحبہ تھیں تو اس ایوان کو غیر آئینی قرار دیا گیا اور کہا گیا کہ اس کی کوئی آئینی حیثیت نہیں ہے۔ میں پوچھنا چاہتا ہوں جناب کہ اپوزیشن میں آنے کے بعد اس کی کیسی آئینی حیثیت تھی۔ اور جناب محترم نواز شریف صاحب کل سینٹ کے اراکین کو صبح شام بلایا کرتے تھے۔ اور صبح شام اپنا درشن کرایا کرتے تھے جب وہ اپوزیشن میں تھے۔ جس طرح آج اپوزیشن میں رہ کر ہماری محترمہ، سینٹ کو غیر آئینی نہیں سمجھتیں۔ اس وقت جناب نواز شریف صاحب بھی اسے غیر آئینی نہیں سمجھتے تھے۔ لیکن آج نواز شریف صاحب کو دیکھتے ہوئے مہینے ہو گئے ہیں۔ ہم تو جناب محمد علی خان صاحب جو قائد ایوان نمبر ۲ ہیں ان پر ہم گزارہ کر رہے ہیں لیکن جناب ہم سمجھتے ہیں کہ اس وقت جو صورت حال ہے، ہم یہ نہیں سمجھتے کہ پی ڈی اے کی جو حکمت عملی ہے وہ ان کا اپنا ایک حق ہے۔ وہ لانگ مارچ کریں وہ مظاہرہ کریں وہ سب کچھ کریں۔ لیکن ایک بات واضح ہے کہ جناب ہم اس کی قطعاً اجازت نہیں دیں گے کہ جناب کوئی اور طالع آزما اس سے فائدہ حاصل کرے۔ یقیناً کل اس وقت جو صورت حال تھی۔ ہم نے کل بھی یہ کہا تھا کہ جناب اگر ایوان رہیں گے۔ جمہوری ادارے رہیں گے۔ اختلاف ہمارا بھی ہے۔ ہم بھی آئی جے آئی کے مخالف ہیں۔ لیکن ہم یہ سمجھتے ہیں کہ جناب آپ نے جس جس کو ٹارگٹ بنایا ہے۔ میں کہتا ہوں کہ آپ لانگ مارچ کریں۔ ہم آپ کے ساتھ ہیں۔ جے یو آئی آپ کے ساتھ ہے۔ آپ ایوان صدر کا گھیراؤ کریں۔ جناب ہم آپ کے ساتھ ہیں۔ آپ وزیر اعظم ہاؤس کا گھیراؤ کریں۔ لیکن یہاں اخباری نمائندے آپ سے پوچھتے رہے کہ جناب آپ ایوان صدر جائیں گے۔ انہوں نے کہا کہ نہیں نہیں ہم ایوان صدر نہیں

جائیں گے۔ ہم وزیراعظم ہاؤس نہیں جائیں گے۔ ہم پارلیمنٹ ہاؤس جائیں گے۔ میں پوچھنا چاہتا ہوں کہ کیا آپ قومی اسمبلی تڑوانا چاہتے ہیں یا سینٹ یا دونوں تڑوانا چاہتے ہیں۔ میں سمجھتا ہوں کہ پارلیمنٹ کی جو عمارت ہے اس میں دو ادارے کام کر رہے ہیں اس میں دو ادارے موجود ہیں ایک ایوان بالا سینٹ ہے اور دوسرا ایوان زیریں قومی اسمبلی ہے عجیب بات ہے آپ حزب اختلاف کی قائد ہیں قومی اسمبلی میں جب قومی اسمبلی کا اجلاس تھا آپ اس اجلاس میں شریک ہوتے رہے آپ اس کارروائی میں حصہ لیتے رہے آپ اس کی مرعات حاصل کرتے رہے۔ آپ نے اس وقت کیوں قومی اسمبلی اور پارلیمنٹ ہاؤس کی کال نہیں دی آج جب قومی اسمبلی کا اجلاس نہیں ہے آج پارلیمنٹ ہاؤس میں صرف سینٹ کا اجلاس ہے اور سینٹ کا سیشن جاری ہے اس وقت پارلیمنٹ کا گھیراؤ کرنے کا مطلب یہ ہے کہ آپ نے قومی اسمبلی کو تو چھوڑ دیا آپ سینٹ کے جاری اجلاس میں پارلیمنٹ کا گھیراؤ کر کے آپ سینٹ کو ختم کرنا چاہتے ہیں میں سمجھتا ہوں کہ سینٹ ہی واحد وہ جمہوری ادارہ ہے کہ جب تک یہ موجود رہے گا آئین موجود رہے گا اور چاروں صوبوں کے حقوق کا تحفظ ہو گا۔ جناب ہم سمجھتے ہیں کہ آپ آئیے ہمارا سیشن جاری ہے ۱۸ تاریخ کو بھی سیشن ہو گا اگر آپ کہتے ہیں کہ جناب ہم پارلیمنٹ ہاؤس کا گھیراؤ کریں گے اور اس وقت تک نہیں ہٹیں گے جب تک کہ حکومت یقیناً حکومت پارلیمنٹ ہاؤس کے اندر نہیں ہے حکومت سیکرٹریٹ میں ہے حکومت ایوان صدر میں ہے حکومت وزیراعظم ہاؤس میں ہے آپ جائیے اس کا گھیراؤ کیجیئے جے یو آئی آپ کے ساتھ ہے لیکن ہم سمجھتے ہیں کہ پارلیمنٹ ہاؤس کو ٹارگٹ بنانا ـــ آخر ہمیں بتایا جائے کہ وہ کیا مقاصد ہیں کس کے اشارے ہیں کس کے اشاروں کے تحت یہ اقدام کیا جا رہا ہے یقیناً آئین نہ ہو گا یقیناً پارلیمنٹ نہ ہو گی یہ دونوں ایوان نہ ہوں گے تو اس ملک میں جمہوریت نہ ہو گی۔ پھر مارشل لاء آئے گا اس مارشل لاء کے لئے یقیناً ہم پھر اس کے لئے انشا اللہ تیار ہیں اور ہم نے ہر دور میں یہ ثابت کیا ہے جناب چیئرمین میں یہی گزارش کروں گا کہ اس وقت اس ایوان کے وقار کا مسئلہ ہے اس ایوان کی جو آئینی حیثیت ہے اس کا مسئلہ

ہے یقیناً اس وقت سینٹ کا اجلاس جاری ہے قومی اسمبلی کا اجلاس جاری نہیں ہے اور اگر اس وقت اس پارلیمنٹ ہاؤس کے سامنے مظاہرہ ہو گا گڑ اور چنے لے کر آئیں گے ایک مہینہ یہاں لوگ گزاریں گے تو یقیناً پارلیمنٹ کا اجلاس نہیں ہو سکے گا اس وقت پارلیمنٹ کا اجلاس آپ نے طلب کیا ہے ہمارا استحقاق بنتا ہے کہ ہم پارلیمنٹ میں آکر اپنے صوبوں کی نمائندگی کریں اور ہم پر جو ذمہ داریاں عائد ہیں ہم انہیں پورا کریں ہم انہیں آفر کرتے ہیں کہ ہم آپ کا ساتھ دیتے ہیں، زیادہ دور نہیں آپ چلیں وزیراعظم ہاؤس کا گھیراؤ کریں ہم آپ کی صف اول رہیں گے آپ کے ساتھ، آپ ایوان صدر کا گھیراؤ کریں، ہم ساتھ رہیں گے ۶ ، ۷ مہینے پہلے تو آپ کے عزائم اس طرف تھے آپ نے آٹھویں ترمیم کے خاتمے کی بات کی تھی آپ صدر کے مخالف تھے، اصل مسئلہ کیا ہے اصل مسئلہ یہ ہے کہ نواز شریف ہو جونیجو ہو بے نظیر ہو جب تک صدر کے پاس آٹھویں ترمیم کا اختیار رہے گا اس وقت تک سب کا حشر یہی ہو گا چاہے کوئی بھی مائی کا لال اس کے بعد بھی آئے وزیراعظم بنے اس کا حشر یہی ہو گا اور اس جمہوری ادارے کو اگر بچانا ہے تو سینٹ اہم کردار ادا کر سکتا ہے کیوں کہ اس ادارے کو بچانے کے لئے اگر سینٹ متحد ہو گا اور سینٹ کا ادارہ مضبوط رہے گا اور جناب چیئرمین میں نے یہی تجویز دی تھی کہ جناب اگر آپ آٹھویں ترمیم کو مکمل طور پر ختم نہیں کرتے ہیں تو خدارا آٹھویں ترمیم میں صدر کو دیئے گئے صوابدیدی اختیارات کو سینٹ کی رضامندی سے مشروط کیا جائے کیوں کہ یہاں اکثریت کی بات نہیں ہے یہاں صوبوں کی مساوی نمائندگی ہے اور اگر وہاں پر کوئی بھی ایسا اقدام کیا جاتا ہے تو یقیناً کبھی بھی ایوان بالا ایوان زیریں کو قتل کرنے میں شریک نہیں ہو گا جناب چیئرمین صاحب میں گزارش کروں گا کہ خدا را اس ایوان کے وقار کو برقرار رکھیں جناب یہاں ہمارے محترم یحییٰ بختیار صاحب بیٹھے ہیں یقیناً یہ ایک آئینی ادارہ ہے ہم سمجھتے ہیں کہ خواہ آپ اپوزیشن میں رہیں یا حکومت میں رہیں دونوں وقت آپ کو یہ سوچنا چاہیئے کہ کل میں نے اپوزیشن میں آنا ہے ہم نے تو سوچ رکھا ہے کہ ہم اپوزیشن میں رہیں لیکن آپ حضرات کی بات ہے کہ جب ایوان بالا کے متعلق

پیپلز پارٹی کی حکومت تھی اسے غیر آئینی قرار دیا گیا اور آج یہ مسلم لیگ کی حکومت ہے آج وہ بھی اس ایوان کو کوئی وقعت نہیں دیتی میں سمجھتا ہوں کہ ہم ان کے لئے دعا گو ہیں ان کا یہ حق بنتا ہے اور ہم ان کے ساتھ ہیں لیکن ہم ان باتوں میں نہیں جاتے جناب کس کی آشیر باد حاصل ہے لانگ مارچ کے لئے کیا جمالی صاحب وہاں سے قافلہ لے کر آئیں گے یہ تضادات ہیں ان میں میں نہیں پڑنا چاہتا ان کی اپنی پالیسیاں ہیں وہ اپنی پالیسیاں فالو کریں لیکن ہمارا یہ حق بنتا ہے کہ ہم اس جمہوری ادارے کو اور جمہوری روایات کو اور اس آئین کے تحفظ کے لئے ان سے بھی دست بستہ گزارش ہے اور حکومت سے بھی دست بستہ گزارش ہے کہ اس معاملے کو سلجھائیں اور ان اداروں پر اگر زد پڑے گی تو یقیناً جو لوگ مارشل لا کے حامی تھے یا ہیں ان کے لئے تو راہیں کھلی ہیں لیکن جو جمہوریت پر یقین رکھتے ہیں ان کے لئے وہی تاریک سیاہ رات ہو گی میں یہی گزارش کروں گا کہ اس وقت سینٹ کے جاری اجلاس کو روکنے کی ایک سازش ہے اور میں سمجھتا ہوں بحیثیت رکن سینٹ بھی ہمارا استحقاق مجروح ہو گا کہ اگر یہاں پر مظاہرہ ہو گا یقیناً ہم حزب اختلاف میں ہیں ہم اس اجلاس میں شریک نہیں ہوں گے اور اجلاس کا بائیکاٹ کریں گے اس طرح ہمارا استحقاق مجروح ہو گا، میں آپ کا شکریہ ادا کرتا ہوں۔

Mr. Chairman : Yahya Bakhtiar Sahib. Would you like me to summarize the issue or not.

Mr. Yahya Bakhtiar : Sir, I would very briefly say a few things. First on legal and technical grounds it has been alleged that Mohterma Benazir Bhutto said this, this or going to do this, that, that. She is not here. She is not before the House. Any resolution passed would be condemning her unheard, so on that ground it cannot be admitted at all. The person who is supposed to have said this.

یہ آئین ردی کی ٹوکری میں پھینک دو۔

How could she possibly say such a thing. Some Intekhab paper from Hub Nadhi appears, it has said.... after all her statements are reported in all the papers. So as far as Hafiz Sahib is concerned, I think Hafiz Sahib may kindly look into the matter again. Sir, as far as the other

motion is concerned, the honourable member very rightly cited Article 17 which gives the right of assembly to the citizens of Pakistan unarmed and under Article 17 this procession is perfectly legitimate, it is a democratic process. It has been repeatedly stated that this is going to be peaceful, no arms are going to be carried in it. Even an honourable Minister, if I am not mistaken of Commerce said this morning that there will be no restriction on this procession. So what is all the thrust about. A legal democratic constitutional process is being followed to lodge your protest. It is true that you can remove the Prime Minister through the vote of no confidence. It is correct that there are two ways of dissolving the Assembly. I have my own views I have been openly expressing it, one is the President under Eighth Amendment, in his discretion can dissolve the Assembly, the other is the Prime Minister advises the President to dissolve the Assembly. The other day I stated that I will very respectfully, very humbly request the Prime Minister that in view of this agitation, in view of these allegations may be right or wrong that this was a rigged Assembly, in view of so may allegations that incompetent that injustice is being done all those factors keeping in mind, he can himself advise the President to dissolve the Assembly and says that the people are with me, it is alright, people are with me, I am going to try it again. I am going to face the electorate. I am going to hold the election.

Sir, my submission is that these are two constitutional ways, I am personally against the Eighth amendment. I am personally against the President's discretion dissolving the House but whatever it is, this protest is asking the Prime Minister or the President under the Constitution to dissolve the Assembly. Nobody wants to say take over the building and break the building. Protest is outside the House. Hafiz Sahib, I don't know.

وہ بات سارے فسانے میں جس کا ذکر نہ تھا
وہ بات ان کو بہت ناگوار گزری ہے

Who says that take over the building of the Parliament or in any manner do anything which will be against the interest of the country or in any manner affect the prestige of the Senate, nobody can even think of that......

However, Sir, many things have been said I think these people do not know the history. It has been said that Punjab has elected so and so, it is very creditable but please read the history who elected the Quaid-e-Azam to the constituent Assembly, he was from Bombay, who elected Liqat Ali Khan he was from Rohail Khand UP, who elected Chundrigar, he was from Ahmedabad, who elected Gurmani, Punjab actually not elected and Ghulam Muhammad who elected him, credit goes to East Pakistan that they were the first elected to the constituent Assembly of Pakistan although they belonged to West Pakistan and were of different provinces. Credit also goes to Balochistan although I had opposed it that they elected Dr. Khan Sahib when the Frontier Province had refused in 1955 to the constituent Assembly, so please do not talk about it, even the Chief Minister offered me a seat, I don't know which seat he was going to give me that was of Punjab Assembly or the Chief Minister both of them were possible for me to take. Any way these are not the things to say because every province is a part of Pakistan, there are good people everywhere, there are bad people everywhere. It is very good thing you elected Syed Ghous Ali Shah from Punjab—a good thing. These things should not be as far as Bengal is concerned ;

دولخت کردیا۔ اس کو دولخت کردیا۔

Even the Prime Minister has said on several occasions

دولخت کردیا۔ توڑدیا۔

Please I will request very humbly the honourable Ministers sitting please read War Commission Report, it is not available to every one, but it is available to you. Three very senior judges of the country—the senior most ; Justice Hamoodur Rehman, Justice Anwarul Haq, Justice Tufail Ali Abdur Rehman they heard it for several months. Who were responsible for the break up? Who were the six people, who were asked to be tried by that Commission please read that, that is our history, don't just come to the conclusion that so and so did so and so. Commission report is there please read it and it is not right to say

اس نے بنگال کو توڑا۔ پاکستان کو توڑا۔ دولخت کردیا ۔

I have read that report. I was representing the government throughout in that before that Commission. General Tikka Khan asked me for God's sake don't insist on its publication, I was saying that it should be published, at least a part of it should be published so that people

should know what happened. So, we don't want to go into the details of these things.

Again Sir, as far as the March is concerned I said, it would be peaceful. As far as March is concerned I may agree with my honourable friend that it should be directed to this House or that House but the point is not to physically hurt anybody, the point is not to physically remove anybody, the point is only to lodge the protest.

I said that the procession should go to the President house to make him quite. I did not use the word 'resign'. Ayub Khan has resigned, I say 'quit', because a person who is officially legally holding an office, 'resigns', the person who is usurper should quit. In my opinion his term expired in March 1990 after that he is the usurper. I am entitled to my views, you are entitled to your views, I may be wrong but this is my view he should quit.

In 1969 of the very strong President in the country—Ayub Khan, there were lot of agitations, there were big processions all over the country, we all know that, he had to quit, he had to resign, the only mistake that he made was that under his own Constitution he should have handed over the power to the Speaker but he betrayed the country and he handed it over to a General who imposed Martial Law, otherwise peaceful Jaloos, peaceful procession can be very effective and successful and we are lodging a March, lodging a protest, peaceful protest, constitutional protest, legal protest, so therefore, this motion is in my opinion not admissible, not maintain able, it may kindly not be accepted.

جناب چیئرمین: ایک میں نے صرف آپ سے پوچھنا تھا کہ راجہ افضل خان صاحب نے جو arguments کئے ہیں

What he was saying was that these issues can be raised in Parliament. You have elected these institutions and the Senate is in session and the Assembly is there, if you want to raise protest or to make a protest, the avenues are available under the Constitution for you to do so, if you take these matters to the streets are you not undermining these institutions?

Mr. Yahya Bakhtiar : No Sir, because I have said that you are sitting here like a Judge and it is another remedy. I agree with you

when I go to court that is another remedy. Not I said this is not a remedy. You can go in appeal, revision and so on. Sir, similarly you are observing that I can move a vote of no confidence, I do not want to go into detail but my misfortune is that I consider this government unrepresentative as this is the rigged government with the rigged Assembly, defecto I recognize it dejure I don't. The only difficulty is that if I go on for a vote of no confidence, because it is not properly elected Assembly so that has no use. That is the argument which is given by my party.

Mr. Chairman : No, but can you sit in the Assembly and say I don't recognise it?

Mr. Yahya Bakhtiar : I am properly elected and the other party is not.

(Interruptions)

Mr. Chairman : Is there no principle of stopple applicable?

Mr. Yahya Bakhtiar : No. because in my own party it is said that we are going to resign, I said why should you resign they should resign. They have rigged, you were not. I may be wrong Sir, but I am submitting a point of view that they say that this is not properly elected so what is the other constitutional method, they could have come to the Senate. Senate is properly elected in my opinion.

I think in 1988, 19 members came from Frontier Province. My friend Behrawar Saeed was one of them unopposed—the General's order' elect these 19 people.' Nobody contested against them.

(Interruptions)

Mr. Yahya Bakhtiar : I am sorry if it is wrong, I stand corrected. Anyway that will be wrong but I said this is proper institution but about the National Assembly and provinces there are allegations, may be wrong Sir, I don't say, they may be rightly elected. I say but this is the allegation. So, that is the one point. Otherwise as the honourable mover has said Article 17 also gives me a constitutional remedy, give me also the right to protest, lodge a protest. Sir, everyday if you go to fifth avenue in America New York

long procession goes, they may nothing to do with the politics, they may be asking that traffic should go on the right side or on the left side but that is their method of protest, everyday they do it.

پانی ابھی نظر نہیں آرہا آپ کپڑے اتار رہے ہیں اور لڑ رہے ہیں۔ ۱۸ مارچ کے بعد اگر خدانخواستہ کوئی ایسی چیز ہوئی جس سے آپ کے استحقاق کو کچھ ہوا تب تو آپ ضرور بات کرسکتے ہیں۔

Inshallah nobody is gong to do anything against the interest of the country, the constitution or this House (Parliament) , only simply lodge a protest to show that this government is unrepresentative and of course, I am advising Mian Sahib (Prime Minister) myself, please dissolve Assembly, try your luck again and show them that you have the majority. Thank you very much.

Mr. Chairman : Thank you.

کون کون اس مسئلے پر بولنا چاہتا ہے۔ ایک منٹ باری باری

There are so may people wanting to speak

میرا خیال اگر آپ نام لکھ کردے دیں

so that I can regulate because I think number of people wants to speak on this debate.

بہرہ ور سعید صاحب آپ تو بولیں ناں۔ ذرا لمبی بات نہیں کرنی لیگل بات پہ اور یہ جو ایشوز ہیں اس پر concentrate کرنا ہے۔ اقبال حیدر صاحب آپ کو بھی موقع ملے گا۔

Syed Iqbal Haider : Mr. Chairman, I want to ask one thing, have you already held this motion to be in order?

Mr. Chairman : No, no, I am asking your opinion on this question to decide.

Syed Iqbal Haider : On admissibility of the motion.

Mr. Chairman : Yes, Yes, Behrawar Saeed Sahib.

اخونزادہ بہرہ ور سعید: یہ تحریک جو میرے دوست راجہ افضل صاحب اور جناب حافظ صاحب نے پیش کی ہے میں سمجھتا ہوں برموقع اور اس وقت کے تقاضے کے مطابق

ہے جناب عالی جو تحریک کا متن ہے جو مدعا ہے جس کو میں سمجھا ہوں وہ یہ ہے کہ ۱۹۷۳ء کا آئین باقاعدہ حیات ہے اس کی دی ہوئی پرویژن کسی طرح سے suspend نہیں ہوئی اس آئین کے مطابق موجودہ حکومت کو برطرف کرنے کا طریقہ کار بھی مقرر ہے اور حزب اختلاف جس کی لیڈر بے نظیر بی بی ہیں ہمیشہ یہ دعویٰ کرتی رہی ہیں کہ وہ آئین کا احترام کرتی ہیں۔ وہ جمہوریت کا احترام کرتی ہیں۔ وہ جمہوریت کے قائل ہیں وہ جمہوریت چاہتے ہیں اور ان خواہش اور کوشش ہے کہ اس ملک میں صرف اور صرف جمہوریت ہو۔ اگر کوئی بندہ یہ کہے کہ میں یہی چاہتا ہوں تو پھر اس کو ویسا ہی کرنا چاہیئے جو وہ کہتا لیکن اگر وہ کہتا کچھ اور ہے اور کرتا کچھ اور ہے۔ اس کے کردار اور گفتار میں بڑا فرق ہو تو سوال یہ پیدا ہوتا ہے کہ آیا جو ایکشن یا کام وہ کرتا ہے یا کرتی ہے یا کرواتی ہے وہ آئین کی خلاف ورزی ہے یا نہیں ہے۔وہ اس ہاؤس کی بے حرمتی ہے، اس کے استحقاق کو مجروح کیا جاتا ہے یا نہیں۔

میرے دوست راجہ افضل صاحب نے آئین کے مختلف آرٹیکلز آپ کے سامنے پیش کئے ہیں خاص کر آئین کا آرٹیکل ۶ ، جس کا مدعا یہی ہے کہ اگر کوئی شخص آئین کو منسوخ کرنے یا اس کو منسوخ کرنے کی کوشش کرتا ہے تو جرم کرتا ہے اور وہ بڑی سنگین سزا کا مستوجب ہے۔ جناب والا، میں کہوں گا کہ ہم پاکستانی بڑے ہی بد قسمت ہیں جب سے پاکستان وجود میں آیا ہے، کہتے تو ہم یہی ہیں کہ ہم جمہوریت چاہتے ہیں اور ہم تو اس واسطے بھی کہتے ہیں کہ ہم نے تو پاکستان بنانے کی تحریک میں حصہ بھی لیا ایسے چند ایک ممبران ہاؤس میں بھی ہیں۔ ہمارے قائد بار بار فرماتے تھے کہ یہ ملک جو پاکستان ہے یہ جمہوریت کی پیداوار ہے۔ یہاں جمہوری نظام ہو گا لوگوں کے مزاج کے مطابق ہو گا اسلامی قانون کے مطابق سارے مسائل حل کئے جائیں گے۔ لیکن جناب ان کی وفات کے بعد ہوتا کیا ہے۔ کیا واقعی آئین کا احترام کیا جاتا ہے۔ ۱۹۳۵ء کا ایکٹ اس وقت نافذ العمل تھا کیا واقعی اس کا احترام کیا گیا، غلام محمد نے واقعی اس کا احترام کیا۔ خواجہ ناظم الدین کی ڈسمسل کیا واقعی اس آئین کی روح کے مطابق تھی۔ جی نہیں۔ پھر ایک اور آئین تیار ہوا۔

۱۹۵۶ء کا، جس کو نافذ العمل ہونا تھا ۱۹۵۹ء میں تو ۱۹۵۸ء میں ایک جنرل صاحب نے اس کو کالعدم قرار دیا اور یہ سلسلہ چلتا رہا یہاں تک نوبت یہاں تک پہنچی کہ ہمارا پاکستان جو اتنی عظیم قربانیوں کے بعد حاصل کیا تھا دو ٹکڑے ہو گیا۔ تاریخ گواہ ہے کئی کروڑ مہاجر ہجرت کر کے پاکستان، ہندوستان سے آئے۔ ان کا خون ابھی تک پاکستان کی بنیادوں میں موجود ہے اور ہم اپنے دوستوں سے سنتے ہیں، اپنے لیڈروں سے سنتے ہیں وہ چاہے اپوزیشن میں ہوں یا گورنمنٹ میں ہوں کہ جمہوریت اچھی چیز ہے۔ جناب، میں جملہ معترضہ کے طور پر عرض کروں کہ جمہوریت اچھی چیز ہے میں اس کا قائل ہوں یہ اسلام میں موجود ہے لیکن یہ جو برٹش جمہوریت ہے یہ ہمارے مزاج کے مطابق نہیں ہے جناب والا، ......

جناب چیئرمین: آپ اس پر بات کریں کہ یہ تحریک استحقاق بنتی ہے یا نہیں۔

اخونزادہ بہرہ ور سعید: جناب والا، میں اس پر ہی عرض کر رہا ہوں کہ پاکستان میں ہماری بدقسمتی یہی ہے کہ ہم کہتے تو ہیں کہ یہاں جمہوریت ہو لیکن جمہوریت کے راستے اختیار نہیں کرتے۔ اب اس وقت جو لانگ مارچ کا نعرہ دیا گیا۔ آپ نے پوچھا کہ لانگ مارچ کیا ہوتا ہے تو جناب اس پر میں آپ کی توجہ مبذول کراوں۔ ایک کتاب ہے "A Red Star over China" یہ امریکن خاتون نے تحریر کی ہے اس میں لانگ مارچ کا ذکر ہے، جو کہ موزئے تنگ نے کی جو چھ ہزار میل کی مسافت طے کر کے......

جناب چیئرمین: پیدل گئے تھے ناں۔

اخونزادہ بہرہ ور سعید: جی وہ پیدل گئے تھے۔

جناب چیئرمین: بسوں میں جائیں تو پھر کیا ہوتا ہے۔

اخونزادہ بہرہ ور سعید: وہ تو پھر ride ہوا یا a good drive کہہ لیں یا a happy ride کہہ لیں۔ وہ لانگ مارچ بڑی تکالیف برداشت کرنے کے بعد اپنی منزل مقصود پر پہنچا۔ اب یہاں لانگ مارچ کا لفظ misuse کیا جاتا ہے یہ لانگ مارچ جو ہے اس لانگ مارچ

کی توہین ہے۔ اس ملک کی توہین ہے جو ہمارا بہترین دوست ہے جو ہمارے ملک کا عظیم دوست ہے۔

جناب والا، ایک طرف جمہوری ممالک کی ایسوسی ایشن کا نعرہ لگایا جاتا ہے۔ ایک طرف جمہوریت کے دفاع کی آواز بلند کی جاتی ہے اور دوسری طرف جو طریقہ کار اس آئین میں دیا گیا ہے جس کو بنانے کی سعادت بی بی صاحبہ کے والد کو ہی حاصل ہوئی تھی، اس کے خلاف کام کیا جاتا ہے۔ اس میں جو پرویژن دی گئی ہیں جن کو راجہ صاحب نے بڑے اچھے طریقہ سے آپ کے سامنے پیش کیا ہے کی خلاف ورزی کی جا رہی ہے۔ جناب والا، آرٹیکل ۵۸۔ بی میں ایک طریقہ کار موجود ہے میں یہاں یہ کہوں گا کہ سید اقبال حیدر کے لیڈر کو یہ یقین ہے کہ اس کو ہاؤس میں میجارٹی حاصل ہے ملک کے عوام اس کے ساتھ ہیں تو پھر ایک آزمائش کر لیں جو کہ ہم نے ان کے خلاف کی تھی۔ ہم نے بھی vote of No Confidence پیش کی تھی وہ بھی پیش کریں۔ ہم بھی اس وقت گلی کوچوں میں نکل سکتے تھے ہم بھی گھیراؤ کر سکتے تھے ہم بھی جلاؤ کر سکتے تھے لیکن ہم نے وہ طریقہ اختیار نہیں کیا کیوں؟ اس لئے کہ ہم نے پاکستان کو خون دے کر بنایا تھا ہم کوئی پاکستان بننے کے بعد کہیں سے نکل نہیں آئے تھے۔

جناب والا میرا پوائنٹ آف ویو وہی ہے جو کہ راجہ صاحب کا ہے کہ جب آئین ہے، آئینی ادارے ہیں۔ آئینی اداروں میں جب وہ کام ہو سکتا ہے جو اپوزیشن چاہتی ہے تو پھر غیر آئینی طریقے یا غیر آئینی کارروائیاں کرنے کی کیا ضرورت ہے ان کی طرف کیوں توجہ دی جا رہی ہے۔ ان پر عمل پیرا ہونے کی کیوں کوشش کی جاتی ہے۔ اس بات کی کیا ضرورت ہے کہ میں لانگ مارچ کا نعرہ دوں۔ اس وقت جب ہاؤس میں الذوالفقار کی کارروائیاں زیر بحث تھیں، قومی اسمبلی میں، جب وہاں ان کے پاس اس کا جواب نہیں تھا۔

سید اقبال حیدر: کوئسچن۔

اخونزادہ بہرہ ور سعید: ان کو چاہئیے تھا کہ ماں بیٹی ہاؤس میں بیٹھتیں اور ان

الزامات کا جواب دیتیں جو گورنمنٹ کی طرف سے لگائے گئے تھے لیکن وہاں سے راہ فرار اختیار کرنا جو ہے یہ صحیح طریقہ نہیں ہے۔ جناب لاہور ایر پورٹ پر اتر کر یہ یہ آواز دینا کہ میں لانگ مارچ کروں گی۔ Welcome ہماری حکومت نے جو فیصلہ کیا ہے اور اسے سنا دیا ہے میں اسے جرات مندانہ اور عین پاکستان کے مفاد کے مطابق سمجھتا ہوں۔ ان کو جلسہ کرنے کی بھی اجازت ہے، جلوس نکالنے کی بھی اجازت ہے۔ یہ لانگ مارچ کریں، اپنا شوق پورا کریں۔ آجائیں یہاں تک پہنچ جائیں ان کو یہ حق دیا گیا ہے۔ آئین نے بھی دیا ہے لیکن اس مارچ میں یہی توقع کی جاسکتی ہے کہ کہیں میں ان راوالے نہ آجائیں، کوئی شخص اس میں کوئی ایسی گڑبڑ کرے فساد والے اس میں آجائیں اور کوئی ایسی گڑبڑ کریں جس سے حالات خراب ہوں اور حکومت جو آئین کے مطابق چل رہی ہے وہ مشکوک ہو جائے۔ ان کا مدعا یہی ہے وہ چاہتے یہی ہیں میں یہ تسلیم کرتا ہوں کہ اپوزیشن کا یہ حق ہے میں یہ بھی تسلیم کرتا ہوں کہ وہ گلی کوچوں میں نکل سکتے ہیں میں حیران ہوں اس وقت پاکستان مسئلہ کشمیر میں الجھا ہوا ہے وہاں ہمارے کشمیری بہن بھائی قتل کئے جارہے ہیں۔ ان کا خون بہایا جاتا ہے سندھ میں ڈاکو راہزن ختم ہورہے ہیں اور اسی کے ساتھ پنجاب میں بارشوں کی وجہ سے جو طوفان آیا تھا اور اسکی وجہ سے جو حالات اس وقت وہاں کے عوام کے ہیں روٹی، کپڑے اور چھت کے لئے وہ دوڑ دھوپ کر رہے ہیں ایسے حالات میں یہ للکارنا کہ میں لانگ مارچ پہ جارہی ہوں سب نکل آئیں میں سمجھتا ہوں یہ حکمت عملی honesty پر مبنی نہیں اس میں کسی کا اشارہ ہے کسی کا ہاتھ ضرور ہے ورنہ ہر وہ آدمی جس کو کچھ سمجھ ہے جو دو اور دو کو چار کہہ سکتا ہے وہ یہ کبھی نہیں کرے گا اس وقت پنجاب جس حالت سے گزر رہا ہے فرنٹیئر کے کوہستان کے علاقے کس حالت میں ہیں اس وقت یہ آئیں آگے بڑھیں اور مارچ کرو اور مجھے کرسی پر بیٹھا دو اس کرسی پہ مجھے یاد ہے کہ انہی کے والد صاحب نے فرمایا تھا کہ ویسے۔ ریڈ کرسی بڑی اچھی ہے مگر اس تک پہنچنا اتنا آسان نہیں ہے اور میں یہ کہوں گا یہ کرسی بڑی آسان ہے اچھی ہے مگر اس تک پہنچنا بہت ہی مشکل ہے ہم آئینی راستوں اور طریقہ کار پر یقین رکھتے ہیں انہوں نے تو آئین کے آرٹیکل پڑھے میں آپ کی

توجہ پر یولج موشن کے Rule ۶۲ پڑھتا ہوں۔

"The right to raise a question of privilege shall be governed by the following conditions, namely :—

(i) not more than one question shall be raised by the same member at the same sitting ;

(ii) the question shall relate to a specific matter and shall be raised at the earliest opportunity ;

(iii) the matter shall be such as requires the intervention of the Senate."

And this is the matter which requires the intervention of the Senate.

جس طرح حافظ صاحب نے فرمایا کسی کو محبوس کرنا، اس کے گرد گھیرا ڈالنا، ممبروں کو اس میں آنے کی اجازت نہ دینا، آنے سے روکنا، ان کو ملکی مسائل پہ بحث کرنے سے روکنا اس سے زیادہ میری نظر میں پریولج بریچ اور کوئی نہیں ہوسکتا۔ لیکن جناب والا ہر ایک چیز کی ظاہری و باطنی دو شکلیں ہوتی ہیں بظاہر یہ ایک پرامن جلوس تصور کیا جاتا ہے، ایک پرامن جلسہ کیا جائے گا لیکن مجھے شک ہے شک کیا اس سے بھی زیادہ آگے بڑھتا ہوں یہ مجھے یقین ہے کہ سب کارروائی نیک نیتی سے نہیں کی جائے گی۔ یہ ضروری بات نہیں ہے کہ ۲۰ ماہ بعد اس کے کرتوتوں کی وجہ سے صدر صاحب نے اس کی حکومت کو ختم کیا۔ وہ ایسے حالات پیدا کرے میرے دوست اقبال حیدر نے ابھی کہا تھا کہ کل پرسوں تک ہماری حکومت آئے گی خاکم بدہن، اقبال صاحب! آپ بھی چلے جائیں گے آپ کے دوسرے بھی چلے جائیں گے ان سیٹوں پہ ہم ہی رہیں گے یقین کیجئے انشاء اللہ، انشاء اللہ یہ ملک ہمارا ہے ہم نے لیا ہے ہم نے حاصل کیا ہے اس وقت آپ کا کوئی نہیں تھا اور ہم اس ملک کے انشاء اللہ حکومت کریں گے اور کم از کم ۲۰ سال، آرام سے بیٹھو، جناب والا میں یہ عرض کر رہا تھا......

جناب چیئرمین: آپ نے بڑی لمبی تاریخ دے دی ہے۔

اخونزادہ بہرہ ور سعید: یہ تو جناب ۲۰ سال میں نے کنجوسی سے دئیے ہیں۔ میں تو یہ چاہتا ہوں کہ اس وقت مسلم لیگ کی حکومت آئی ہے ملک مسلم لیگ نے حاصل کیا اور مسلم لیگ کو اس پر دائمی طور پر حکومت کرنے کا حق حاصل ہے۔

جناب چیئرمین: ابھی تو جوان ہیں تو کہیں وہ بڈھے نہ ہو جائیں۔

اخونزادہ بہرہ ور سعید: جی یہ ابھی تو جوان ہیں وغیرہ وغیرہ۔

جناب والا! میں عرض کر رہا تھا کہ ظاہری طور پر تو یہ پرامن جلوس ہو گا پرامن جلسہ ہو گا کراچی سے لے کر پشاور تک اور پشاور سے میرے ضلع تک اور چترال تک لوگوں کو بسوں پہ اور ٹرکوں پہ لاد کر لایا جا رہا ہے۔ اور جیسا کہ بالکل متعین ہو گی کہ جتنے لوگ یہ جمع کریں گے میرے دوست اقبال حیدر صاحب کی پارٹی وہی ان کی سارے پاکستان میں strength ہو گی۔ اس میں کرائے کے اور سیر کرنے والے علاوہ وہ اور ہوں گے۔ جناب باطن میں مجھے اندیشہ ہے اور مشرقی پاکستان کا سانحہ ابھی بھی میرے سامنے ہے یہ ڈرامہ کیسے کیا گیا اس کے فنکار کون کون تھے۔ کیوں اور کیسے کھیل کھیلا گیا۔ وہی ڈرامہ خدا نخواستہ ابھی repeat کیا جاتا ہے سندھ کی صورتحال کو دیکھتے ہوئے، دشمن کے عزائم کو دیکھتے ہوئے، ہمارے دشمن، میں نہیں کہ انکے دشمن، ان کے تو وہ دوست ہیں ان کو تو بلانے کے لئے سب کچھ کیا جا رہا ہے ان کو تو یہاں دعوت دی جاتی ہے۔ جناب والا! پھر یہ حافظ صاحب نے جس اداریہ کا ذکر کیا اس میں جناب ائیر مارشل اصغر خان، میں نہیں سمجھتا میں ان کی بڑی عزت کرتا ہوں لیکن افسوس ہے کہ ان کی اچھی خوبی ہے کہ بس جہاز کی طرح ادھر بھی ادھر بھی جا سکتا ہے وہ یہ کہتا ہے کہ ردی کی ٹوکری میں پھینک دو یہ فرسودہ ہو چکا ہے یہ فیصلہ اس کی کیبنٹ میں ہو گا ان کی ایگزیکٹو کونسل میں ہو گیا ہو گا اور جب یہ ساری کابینہ یہی فیصلہ دیتی ہے کہ یہ فرسودہ ہے Article 6 of the constitution comes into action. یہ ملک کے ساتھ غداری ہے یہ آئین کے ساتھ غداری ہے۔ اور ایسے جرم کے تحت اس کی وہی سزا ہونی چاہیئے جو ایک غدار کو ملی ہے اور ملنی چاہیئے........

جناب چیئرمین: بس اب windup کریں کافی کہہ دیا ہے۔

اخو نزادہ بہرہ ور سعید: جناب والا! ابھی تو میں نے شروع بھی نہیں کیا۔

جناب چیئرمین: نہیں وہ ہو گیا ناں کہ جو ایڈمسبلٹی پہ argumentsہیں وہ آگئے ہیں۔

اخو نزادہ بہرہ ور سعید: جناب اس کا پس منظر دیکھنا چاہیئے اس کے مضمرات بھی سامنے لانے ہیں یہ میرا پریولج ہے۔

جناب چیئرمین: یعنی آپ نے جو فرمایا کہ آئین موجود ہے ادارے موجود ہیں اگر ایوان کی کارروائی میں خلل پڑتا ہے یا نہ بھی پڑے اگر کوئی ایسی کارروائی کی جاتی ہے کہ جس سے اس کے وقار پہ حرف آتا ہے تو وہ پریولج میں آتا ہے۔

اخو نزادہ بہرہ ور سعید: آپ مجھ سے اس پر اتفاق کرتے ہیں۔

جناب چیئرمین: کس پہ؟

اخو نزادہ بہرہ ور سعید: یہی جو میرا مدعا ہے۔

جناب چیئرمین: یہ تو میں بعد میں فیصلہ دوں گا ناں کہ کیا کرتا اور کیا نہیں کرتا ہوں۔ لیکن آپ کی رائے کی مجھے سمجھ آگئی ہے۔

اخو نزادہ بہرہ ور سعید: جناب آپ کو میں یہ عرض کرتا ہوں کہ جناب صرف یہ نہیں ہے میں چاہتا ہوں ہماری حکومت بھی یہ چاہتی ہے کہ سب کچھ آئینی طور پہ ہو۔ میرے دوست یحییٰ بختیار یہاں نہیں ہیں جو کونسل لیگ میں، میرے صدر تھے کاش وہ موجود ہوتے میں ان کو یاد کراتا کہ کل پاکستان اخبار میں ان کی جو خبر آئی تھی کہ انہوں نے کہا ہے کہ یہ موقع موزوں نہیں تھا یہ ایک بچوں کی حرکت ہے اور پھر انہوں نے فرمایا کہ مجھے لیٹر آیا کہ shut up

جناب چیئرمین: نہیں یہ انہوں نے نہیں کہا۔

اخو نزادہ بہرہ ور سعید: نہیں یہ اخبار میں ہے۔

جناب چیئرمین: نہیں یہ لفظ زیادہ سخت استعمال کئے ہیں انہوں نے کہا ہے کہ مجھے letterآیا ہے آپ بیان دے رہے ہیں آپ پالیسی پارٹی کے خلاف، shut upکا لفظ نہیں تھا۔

آوازیں: ہے جی یہی لفظ چھپا ہے۔

جناب چیئرمین: اچھا ہے I stand corrected اگر تھا تو۔

اخونزادہ بہرہ ور سعید: اچھا اس میں لفظ شٹ اپ انگریزی میں بھی اور اردو میں بھی لکھا ہوا ہے۔ اور "وہ" میں۔

Mr. Chairman: Sorry. Then I stand corrected.

اخونزادہ بہرہ ور سعید: جناب میں سمجھتا ہوں کہ بڑے اچھے وقت میں آج یحییٰ بختیار نے وہ پڑھ کے کہ اب تو shut up ہے۔ کہ کل سے کہیں وہ بات نہ ہو کہ کٹ آف ہے، تو انہوں نے آرام سے اپنا رخ بدل کے وہی کچھ کہا جو پیپلز پارٹی والوں سے توقع ہے۔

(مداخلت)

جناب آپ تو بہت ہی question کریں گے answer سن لیجئے۔ تو جناب میں عرض کر رہا ہوں کہ میں اقبال حیدر صاحب کی پارٹی کا ساتھ دینے کے لئے بالکل تیار ہوں اگر اس کی کوئی متبادل حکمت عملی جو اس وقت اس حکومت نے اختیار کی ہے، بہتری کے لئے یہ پیش کریں۔ تنقید کرنا بہت آسان ہے مگر تعمیری تنقید کرنا بہت مشکل کام ہے۔ جب سے الیکشن ہوئے ہیں ۱۹۸۸ء کے شاید، اس وقت اٹھارہ ماہ یا بیس ماہ کی حکومت ہو، میرے دوست اقبال حیدر صاحب کی حکومت کو مدنظر رکھتے ہوئے میں پوچھتا ہوں کہ کون سی چیز آئین کے مطابق تھی۔ کون سا تعمیری کام اس نے کیا۔ کیا دو ہزار کے قریب تخریب کار جو پاکستان کے شہریوں کے خون سے ان کے ہاتھ رنگے ہوئے تھے ان کو غیر قانونی طور پر رہا کرنا اور پھر یہ کہنا......

جناب چیئرمین: موضوع پہ بات کریں۔ تاریخ کو چھوڑیں۔

اخونزادہ بہرہ ور سعید: جناب کہتے ہیں کہ میرا جی چاہتا ہے کہ میں تو جیلوں کے دروازے کھول دوں۔ کھول دو، سب دروازے کھول دو۔

جناب چیئرمین: پریولج موشن کو confine کریں۔

اخونزادہ بہرہ ور سعید: جناب میں عرض کر رہا ہوں کہ اس میں صرف یہ چیز نہیں ہے۔ کیا گھیراؤ، کس چیز کا گھیراؤ کرتے ہیں۔ پارلیمنٹ کا، کیوں پارلیمنٹ کا کرتے ہیں۔ اور کب تک یہ گھیراؤ کریں گے۔ ذرا دیکھئے انداز گفتار اور ان کی خواہشات۔ کیا کہتے ہیں، فرماتے ہیں کہ اس وقت تک ہم بیٹھے رہیں گے جب کہ حکومت ختم ہو گی اور پھر یہ کرسی پہ جلوہ افروز ہوں گے ماشاء اللہ، ماشاء اللہ، ماشاء اللہ، خدا وہ منحوس دن پاکستان کی زندگی میں نہ لائے۔

جناب چیئرمین: جی انہوں نے یہ بات کہی ہے۔

اخونزادہ بہرہ ور سعید: ہاں ہاں۔ یہ تمام اخباروں میں ہے۔

جناب چیئرمین: اقبال حیدر صاحب I will ask you to explain کہ یہ کون سا کانسٹی ٹیوشنل طریقہ ہے کہ بیٹھ کے کرسی پر آجانا۔ یہ کوئی constitutional طریقہ نہیں ہے۔

سید اقبال حیدر: وہ الیکشن کی بات کرتے ہیں۔

اخونزادہ بہرہ ور سعید: جناب والا الیکشن کی بات نہیں ہے۔ اس وقت تک ہم بیٹھیں گے، یہ مفروضوں کی بات نہیں ہے، بالکل ٹھوس حقیقت ہے۔ آپ اس کو مفروضہ کہئے۔ وہ مفروضوں کا دور گیا۔ وہ بیس مہینے تھے، سب کچھ مفروضے تھے۔ اس وقت گاندھی کیسے آیا۔ کیا کیا تھا، آپ پھر کہیں گے کہ میں بولتا ہوں۔

جناب چیئرمین: آپ ریلیونٹ بولیں تو کوئی بات نہیں۔

اخونزادہ بہرہ ور سعید: تو میں کہتا ہوں کہ پھر ایک ایسا ماحول create کرنے کا مقصد ہے جس میں foreign intervention کے لئے موقع ملے گا۔ کس کو بلائیں گے۔

(مداخلت)

شکریہ شکریہ کیوں کہ میری طبیعت بہت خراب ہے۔ کیوں کہ میں ہارٹ کا پیشنٹ ہوں۔ میرے دوست کہتے ہیں۔ لیکن میں کیا بتاؤں جب پاکستان کا مسئلہ آتا ہے تو حال کیا میرا سب کچھ اس پر قربان ہے۔ ہم تو جیتے پاکستان کے لئے ہیں انشاء اللہ اور مریں

گے بھی پاکستان کے لئے۔ یہی تو ہمارا اثاثہ ہے۔ ہمارے پاس اور کچھ نہیں ہے۔ دولت نہیں ہے، بنگلے نہیں ہیں۔ انشاء اللہ، اور الحمد للہ کہ نہیں ہیں۔ ورنہ میں بھی شائد کسی کی کرسی کے پیچھے بیٹھ کر کوئیسچن کرتا ہوتا۔ جناب والا میں عرض کر رہا ہوں گھیراؤ، آپ کو میں پھر کہوں گا کہ یہ نعرہ کہاں سے آیا تھا۔ جب ایوب خان کے دور میں یہ جدوجہد شروع ہوئی تھی، تحریک شروع ہوئی تھی تو اس وقت مولانا بھاشانی نے یہ نعرہ ایجاد کیا تھا کہ جلاؤ، گھیراؤ۔ مکان جل رہے ہیں، دکان جل رہے ہیں۔ تو ان کو گھیرے میں ڈالا جاتا ہے۔ یہاں کس کو گھیرے میں ڈالا جاتا ہے۔ حافظ صاحب نے صحیح کہا، جائیے میاں نواز شریف کو آپ گھیرے میں ڈالئے۔ جائیے صدر محترم کو گھیرے میں ڈال لیجئے۔ آپ پارلیمنٹ کا گھیراؤ کیوں کرتے ہیں۔ آپ کے کیا ارادے ہیں۔ یہی چاہتے ہو کہ اس ملک میں پھر مارشل لا آجائے۔ یہی چاہتے ہو کہ پھر گاندھی اپنی افواج کو سرحد پہ لے آئے۔ یہی چاہتے ہیں کہ پھر سولارز جہاز میں بیٹھ کر یہاں آجائے۔ اور اس وقت تک بیٹھا رہے جب تک تم کرسی پر نہیں بیٹھو۔ جناب والا وہ سولارز بھی گیا، الحمد للہ اور ساتھ وہ گاندھی بھی گیا۔ وقت کے تھپیڑے یہ نہیں دیکھتے کہ یہ بندہ نازک ہے یا مضبوط بدن ہے۔ اس کا تھپیڑا لگتا ہے جب لگتا ہے تو صحیح لگتا ہے۔ پاکستان کی سرزمین پہ رہنا، پاکستان کا نمک کھانا، پاکستان میں آسائشوں سے فائدہ اٹھانا پاکستان میں لاکھوں ایکڑ زمین کے مالک بننا اور پھر پاکستان کو توڑنے کی کوشش کرنا تف لعنت ہے۔ میں نے کسی کا نام نہیں لیا۔

سید اقبال حیدر: جناب اس کو حذف کیا جائے۔

جناب چیئرمین: کیا آپ نے کہا تھا۔

سید اقبال حیدر: پاکستان کو توڑنے کی بات کرنا، پاکستان کو توڑنے کی کوشش کرنا۔

جناب چیئرمین: انہوں نے کسی کا نام تو نہیں لیا۔

سید اقبال حیدر: پورا کلیئر کٹ اشارہ یہی ہے۔ نواز شریف کی شان میں قصیدہ لکھوالیں۔

جناب چیئرمین: شاہ صاحب کی بات سنیں۔

Syed Abdullah Shah : Sir, I draw your kind attention to Rule 200, sub-rule (g) that while making a speech, member shall not say anything—

"unnecessarily cast reflection on the conduct of any person who cannot defend himself before the Senate."

جناب چیئرمین: کسی کا نام نہیں لیا۔

اخونزادہ بہرہ ور سعید: میں نے کسی کا نام نہیں لیا۔

Syed Abdullah Shah : Sir, he is saying it, directly.

He is taking the name of the Leader of the Opposition also, Sir, he is not relevant.

جناب چیئرمین: ہاں relevant کی بات کریں۔

اخونزادہ بہرہ ور سعید: relevant کا لفظ میں نہیں سمجھتا۔ ہر وہ بات میرے نزدیک relevant ہے جو میرے پاکستان کے حق میں بولی جاتی ہے۔

جناب چیئرمین: وہ صحیح ہے اس کے کئی مواقع آئیں گے۔

اخونزادہ بہرہ ور سعید: ہر وہ چیز irrelevant ہے جو میرے پاکستان کے مفاد کے خلاف بولی جاتی ہے۔

(Interruptions)

جناب چیئرمین: لیکن اس وقت جو مسئلہ زیر بحث ہے وہ Privilege motion کا ہے۔

اخونزادہ بہرہ ور سعید: تو میں یہ عرض کر رہا تھا کہ کس کا گھیراؤ، سینٹ کا۔

جناب چیئرمین: ہاں یہ بات کریں جو Directly concerned ہے۔

اخونزادہ بہرہ ور سعید: بات یہ ہے کہ جب بد قسمتی سے بی بی صاحبہ کی حکومت بنی تو اس وقت یہ سینٹ تھا۔

Syed Abdullah Shah : Sir, he is taking name.

جناب چیئر مین: بات تو سنیں ناں۔ کیا کہہ رہے ہیں۔ لیکن دیکھیں pleaseآپ تاریخ پر نہ جائیں۔

سید عبداللہ شاہ: لیکن direct elegationلگا رہے ہیں۔

جناب چیئر مین: بہرہ ور سعید صاحب تاریخ پر نہ جائیں۔

اخونزادہ بہرہ ور سعید: ۱۹۸۸ء کے بعد جب پیپلز پارٹی کی حکومت بنی......

جناب چیئر مین: اس کا Privilege motion سے کیا تعلق ہے۔ اس پہ آئیں۔

اخونزادہ بہرہ ور سعید: آتا ہوں جناب۔ اس وقت ایک مہم چلائی گئی تھی۔ آپ کو بھی یاد ہو گا مجھے بھی یاد ہے، ان دوستوں کو بھی یاد ہے۔ محمد علی خان صاحب اور سب کو یاد ہے۔ وہ مہم یہ تھی کہ سینٹ کو توڑ دیا جائے۔ اس کے خلاف جلوس نکالے گئے۔ اس کے خلاف نعرے لگائے گئے۔ اس کے خلاف منصوبے باندھے گئے۔ اور ہائی کورٹ میں گئے۔

جناب چیئر مین: بہر حال وہ بات پرانی ہو چکی ہے۔

اخونزادہ بہرہ ور سعید: پرانی نہیں ہے جناب، حضور لنک کر رہا ہوں۔ وہی نفرت کا سلسلہ جاری ہے۔ بات تو پرانی ہے......

جناب چیئر مین: نہیں بنیادی بات وہی ہے جو راجہ افضل صاحب نے کی ہے کہ یہ بریچ آف پریولیج ان کے مطابق ان وجوہات پر بنتا ہے۔ آپ نے بھی اسی کی تائید کی ہے۔ میرے خیال میں آپ وائنڈ اپ کریں۔ کافی ہو گیا ہے۔

اخونزادہ بہرہ ور سعید: جناب میں اس پر آنے والا ہوں۔ جناب ان لوگوں کے ارادے، میں یہ سمجھتا ہوں اور یہ میرا عقیدہ ہے کہ یہ لانگ مارچ یہ سب کچھ کس لئے کیا جا رہا ہے کہ اس میں کوئی third power interrupt کرے۔ ووٹوں کے ذریعے یہ لوگ نہیں آسکیں گے۔ جس طرح ایک جماعت کی یہ خواہش ہے مگر وہ خواہش ہی رہے گی۔ جناب الیکشن ہوئے تو جب یہ جیت گئے تو کہتے ہیں کہ الیکشن ٹھیک تھے اور جب یہ ہار گئے تو کہتے ہیں کہ rigging ہو گئی۔ جب اسمبلی میں آنے کا وقت آیا تو کیا جرات کر دی۔ پھر

اسمبلی میں نہ آتے۔ پھر یہ استعفیٰ دیتے۔ لیکن سب پر عملدر آمد ہوا۔ وہی سہولتیں، وہی تنخواہیں، وہی پاکٹ میں کرائے، سب کچھ وصول کئے جاتے ہیں۔ * * * *

جناب چیئرمین: یہ غلط ہے یہ حذف کیا جاتا ہے۔

اخونزادہ بہرہ ور سعید: میں واپس لیتا ہوں۔

جناب چیئرمین: جی واپس لے لیں۔

اخونزادہ بہرہ ور سعید: میں ذرا بیمار آدمی ہوں اس لئے کہہ گیا ہوں۔

جناب چیئرمین: آپ میرے خیال میں ذرا آرام کریں۔ اب میرے خیال میں وائنڈاپ کریں آپ کو زیادہ ایکسائیٹ نہیں ہونا چاہئیے۔

اخونزادہ بہرہ ور سعید: میں ایکسائیٹ نہیں ہوں جناب۔ آپ اجازت دیں تو میں آج سارا دن بولتا رہوں۔

جناب چیئرمین: نہیں نہیں سارا دن نہیں بولنا۔ بس کافی ہو گیا ہے۔ اب آپ کو وائنڈاپ کر لینا چاہیئے۔

اخونزادہ بہرہ ور سعید: وائنڈاپ کس کو کروں جناب۔

جناب چیئرمین: یہی آپ نے جو۔

اخونزادہ بہرہ ور سعید: نہیں جناب نہیں جناب۔

جناب چیئرمین: میں وائنڈاپ کر دیتا ہوں۔ آپ کی argument میں وائنڈاپ کر دیتا ہوں۔ آپ نے یہ کہا ہے۔

اخونزادہ بہرہ ور سعید: جناب آپ کو یہ حق نہیں پہنچتا۔

جناب چیئرمین: چلیں پھر آپ وائنڈاپ کریں۔

اخونزادہ بہرہ ور سعید: جناب یہ وہی عناد ہے وہی بغض ہے جو کہ جاری ہے۔ یہ اس وقت پیدا ہوا۔ اور پھر ایک لانسٹر۔ ناراض نہ ہوں۔ وہ میرے دوست تو نہیں تھے۔

---

*بحکم چیئرمین حذف کر دیا گیا

عباس شاہ صاحب کے دوست تھے۔ جب شاید سپریم کورٹ یا ہائی کورٹ نے فیصلہ دیا کچھ فیصلہ دیا تھا مجھے یاد نہیں ہے۔ تو اس نے اسی شام کو ٹی وی والوں کو بلا کر فلیش کروایا کہ

now we will ask the President to file a reference against the Senate and the Senate is dissolved.

طمطراق سے وہ لا منسٹر۔ وہ لا منسٹر کیسے بنا؟ یہ میں کہنا نہیں چاہتا۔ کیونکہ وہ میرے کولیگ رہ چکے ہیں پشاور میں۔ تو جناب والا یہ عناد یہ نفرت یہ جاری ہے۔ سینٹ کا گھیراؤ کرنا یعنی سینٹ کو مفلوج کرنا۔ دوسرے معنوں میں چاروں صوبوں کی برابر نمائندگی کے ایوان کو ختم کرنا۔ باالفاظ دیگر اس باڈی کو ختم کرنا جو آئین کے مطابق صوبائی خود مختاری کا دفاع کرنے کے لئے یہاں موجود ہے۔ تو جناب والا میں یہ عرض کروں گا کہ حکومت کا فیصلہ صحیح۔ اتنا تو یہ نہیں کر سکتے نواز شریف جناب ایک ہیلی کاپٹر کا ایک میجر، جب میں بیمار تھا، میرے پاس آیا کہ خدا کے واسطے میری ٹرانسفر کراو۔ میں نے کہا کہ کیوں؟ کہنے لگا، میں تھک گیا ہوں۔ وہ بندہ تھکتا نہیں ہے۔ کھاتا نہیں ہے۔

Syed Iqbal Haider : Sir, I may remind privilege motion.

جناب چیئرمین: تحریک استحقاق پر آئیں جی۔

اخونزادہ بہرہ ور سعید: Sir, this is my privilege to point out to them that he is working hard.

اس واسطے آپ مخالفت کر رہے ہیں کہ وہ پنجاب کی خدمت کر رہا ہے۔ اس واسطے آپ مخالفت کر رہے ہیں کے وہ بچے بچے، بوڑھے، یتیم کے پاس جا کر اس کے سر پر ہاتھ رکھتا ہے ان کی مدد کرتا ہے۔ ان کی پناہ کا انتظام کرتا ہے ایسا وزیراعظم تو تاریخ میں نہیں آیا۔ خدا کے بندے وہ باتیں چھوڑ دو۔

جناب چیئرمین: شکریہ جی۔ تھینک ہو۔

اخونزادہ بہرہ ور سعید: میں عرض کر رہا ہوں۔ اگر آپ چاہتے ہیں تو پھر میں۔

جناب چیئرمین: آپ وائنڈ اپ کریں ناں۔

اخونزادہ بہرہ ور سعید: میں اپنی سپیچ ریزرو کر کے پھر بعد میں کر لوں گا۔

جناب چیئرمین: ٹھیک ہے پھر بعد میں دیکھ لیں گے۔ بہر حال آپ نے بات کر لی ہے۔

اخونزادہ بہرہ ور سعید: نہیں جناب والا میں یہ عرض کروں گا کہ کوئی بات نہیں آپ فرماتے ہیں تو میں حکم کی تعمیل کروں گا۔ آپ چیئرمین ہیں۔ میں غریب آدمی ہوں۔

جناب چیئرمین: چیئرمین بھی غریب آدمی ہے۔

اخونزادہ بہرہ ور سعید: میں یہ عرض کر رہا ہوں جناب کہ یہ موشن جو جناب یحییٰ صاحب نے پیش کی ہے۔ جس کے لئے آرٹیکل ٦ کا حوالہ دیا ہے۔ میں اس ایوان سے مطالبہ کرتا ہوں۔ میں مطالبہ کرتا ہوں حکومت سے کہ وہ لوگ جو گھیراؤ جلاؤ کی باتیں کرتے ہیں جو آ کر ہمیں گھیرنے کی کوشش کرتے ہیں۔ they are attempting to subvert the Constitution ان کے خلاف کیس رجسٹر ہونا چاہیئے غداری کا۔ تاکہ وہ بھی اس راستے پر چلیں جس پر غدار جاتے ہیں۔

جناب چیئرمین: شکریہ جی۔ تھینک یو۔ عبداللہ شاہ صاحب۔

اخونزادہ بہرہ ور سعید: اتنی جلدی۔ بس ایک شعر عرض کروں گا جناب۔

جناب چیئرمین: بس شعر سنا دیں۔

اخونزادہ بہرہ ور سعید: میں یہ عرض کروں گا عبد اللہ شاہ صاحب کو نہیں، اپنے اقبال حیدر صاحب کو مخاطب کر کے۔

نہ تم بدلے نہ دل بدلا نہ دل کی آرزو بدلی
میں کیسے اعتبار انقلاب آسماں کر لوں

تشنہ رہ گیا ہوں۔

جناب چیئرمین: عبداللہ شاہ صاحب۔

Syed Abdullah Shah : Thank you Mr. Chairman, Sir, from today's debate I have really learnt something because a fulfledged debate has been allowed on a privilege motion, before even admitting it.

Mr. Chairman : We have done it on several occasions.

جس طرح dissolution ہوئی تھی اسمبلی کی۔ تین دن بحث کی تھی تحریک استحقاق پر۔

I feel this is an important subject and therefore, I am allowing members the opportunity to speak before I decide the question of admissibility.

Syed Abdullah Shah : Right Sir, it is your discretion but I was only pointing out that so far as the rules are concerned.

جناب چیئرمین: وہ میں رولز کے مطابق ہی کر رہا ہوں۔ I want to to be satisfied.

Syed Abdullah Shah : Then Sir, the rules may also be amended because they create lot of confusion.

Mr. Chairman : You see, I have to be satisfied that this is admissible. اس پر بحث میں نے ان کی سنی ہے۔ اب آپ کو موقع دے رہا ہوں کہ آپ فرمائیں کہ یہ admissible ہے یا نہیں ہے۔

Syed Abdullah Shah : Sir, the question of admissibility has not been even referred indirectly.

جناب چیئرمین: نہیں آرگومنٹ جو بنیادی طور پر آئی ہے in favour of admissibility وہ یہ ہے کہ جی the institutions under the Constitution are functioning, the National Assembly is functioning, the Senate is functioning by resort to extra constitutional measures, you are subverting the authority, the dignity of these Houses. These Houses have been created according to Raja Afzal Khan so that these matters can be discussed and debated, if there is any protest, it can be made according to the Constitution in the House, procedures are available for removal of the government. If matters which are to be discussed in Parliament are taken to the streets then the effectiveness of the Houses is taken away.

حافظ صاحب نے یہ بھی کہا ہے کہ جی جب نیشنل اسمبلی in session تھی اس وقت تو کوئی نہیں بولا۔ اب جب سینٹ in session ہے تو اس وقت سارا بوجھ ڈالا جا رہا ہے۔ گھیراؤ کی باتیں کی جا رہی ہیں۔ تاکہ سینٹ کی Functioning میں رکاوٹ ڈالی جائے۔ بہرہ ور سعید صاحب کے بھی آرگومنٹ یہی تھے وہ کہتے ہیں کہ سینٹ کے خلاف ایک تحریک چلائی جا رہی ہے۔ اور اس کا ہدف سینٹ ہے۔ بنیادی طور پر یہ آرگومنٹ ہیں کہ

by taking these matters in the streets you are in a way affecting the credibility of these Houses.

اب وہ ان کی آرگومنٹ ہے۔ یحییٰ بختیار صاحب نے اپنی آرگومنٹ دیں۔ from his point of view وہ اپنی دے رہے ہیں تو before I can decide on this I want to be guided by you.

سید عبداللہ شاہ: جناب میں یہ گزارش کر رہا تھا کہ جس طرح ابھی آپ نے فرمایا اس طرح یہ put up نہیں کیا جاتا۔ بہت ہی لمبی اور غیر متعلقہ باتیں کہی گئیں۔ اس لئے میں نے کہا ہے۔

جناب چیئرمین: وہ صحیح ہے آپ کی بات۔

سید عبداللہ شاہ: اب جناب سوال یہ ہے کہ

that the 'call' we have given for long March or protest meeting, I think Sir, I am fully covered and protected by the Constitution and I will be exercising only constitutional rights given to me in the form of fundamental rights and for that Sir, I draw your kind attention to Article 15 giving me right of freedom of movement, Article 16 which gives me right of assembly and Article 17 of the Constitution which gives me right of association, in no way, at no time we have said directly or indirectly that we want to create any law and order situation. ہم گھیراو کریں گے۔ ہم جلائیں گے۔ we have never said it. Sir, it is going to be a peaceful procession to register our protest against the misdeeds of the present government, when Sir, we say that we are elected rightly and because the other side has not come to the House in a proper manner still we participate in proceedings so that this system may be allowed to continue but Sir, repeated injustice, repeated terrorism, repeated punishments to the people, wrong policy of the government compels us because we have raised our voice in both the Houses at proper time in a proper manner but our voice was the voice in wilderness, we were left with no alternative but to resort to constitutional method of registering our protest. Sir, this is forecasting something that the honourable members of the Senate on 18th will not be allowed to come to the House, this is not correct. If at all such thing happens only then you can say that the breach of privilege of the House has been committed. So far to make an allegation simply on certain hypothesis, simply on certain press reports which although we have never said, I don't know even press has reported that we are

going to stop the functioning of the Senate and press has not said it. Although the other day Mr. Chairman you were right when you said that so any things are put in the press and which have to be clarified or repudiated... تردید ہونی چاہیئے لیکن تردید کرنے کی ہمیں ضرورت نہیں پڑی کیوں کہ ابھی تک کوئی ایسی بات پڑھنے میں نہیں آئی جناب یہ کہا جاتا ہے کہ ہم آئین کو subvert کرنے کی کوشش کر رہے ہیں اب جناب سندھی میں ایک کہاوت ہے کہ بھینس گائے کو کہتی ہے کہ تمہاری دم کالی ہے اور اپنی پوری کالک نہیں دیکھتی لیکن گائے کو کہتی ہے کہ تمہاری دم کالی ہے May I know who was the person who clearly subverted the Constitution, took upon himself everything and he clearly کہ یہ تو چند کاغذ کے ٹکڑے ہیں میں ان کو پھاڑ کر پھینک سکتا ہوں This is said on the record جس نے دستور کو اپنی منشا کے مطابق چلایا اور اپنی منشا کے مطابق اس میں ترمیمات کیں اور جب ۱۹۸۵ ء میں مارشل لاء revoke ہو رہا تھا تو یہ condition تھی کہ These amendments will not be touched ان کے خلاف تو کچھ نہیں کہا جاتا ان کے متعلق تو کہتے ہیں جی کہ بڑا اچھا کام کیا ہم نے تو نہ کوئی ایسی بات کی ہے نہ کرنے کا کوئی ارادہ رکھتے ہیں we are simply taking the democratic step and register our protest اب جناب بات یہ ہے کہ میں یہ کہتا ہوں جو ۱۹۹۰ ء کے الیکشن میں ووٹ پڑے تھے total number of votes cast جتنے ہوئے کم سے کم ۵۰ فیصد پاکستان پیپلز پارٹی کو ملے اور باقی دوسری جماعتوں کو ملے نتائج جو بھی آئے میں ان کا ذکر نہیں کرتا جن لوگوں نے ہمیں اتنے ووٹ دیئے ان کے جب مسائل ہوتے ہیں تو ان کو ہم کیا کہیں اگر ہم یہ کہتے ہیں کہ جی ہماری حکومت نہیں ہے ہماری شنوائی نہیں ہوتی ہے تو اس سے ان کا مسئلہ حل نہیں ہو رہا وہ تو کہتے ہیں کہ ہم نے آپ کو ووٹ دیا تھا کہ آپ ہمارے مسائل حل کریں گے تو ہم نے اس حکومت کو بار بار باور کرانے کی کوشش کی کہ آپ مہربانی کر کے سنبھل کر چلیں یہ آپ کے مفاد کی بات بھی ہے اور اداروں کے مفاد کی بات بھی ہے اگر وہ بات نہیں سمجھتے اور یہاں تک کہ جو وزیر اعظم ہے جب وہ برملا یہ کہے کہ جب میں پیپلز پارٹی کا نام لیتا ہوں تو

میرا خون کھولنے لگتا ہے ہم نے ان کو تعاون کا ہاتھ بھی بڑھایا تھا ہم چاہتے تھے کہ ہم ان کے ساتھ مل کر کے کام کریں اور ملک کا انتظام چلائیں لیکن وہ اپوزیشن کو قطعاً برداشت نہیں کرتے تو اس وجہ سے ہمارے پاس اور کوئی چارہ کار نہیں رہا سوائے اس کے کہ ہم یہ لانگ مارچ کرتے جناب والا یہ آئین کو دیکھیں اس میں مجھے کہیں بھی نظر آتا کہ یہ کوئی استحقاق مجروع ہوا ہے یہ ساری مفروضہ باتیں ہیں جن کا کوئی وجود نہیں ہے جن کی کوئی حقیقت نہیں ہے آپ ۱۸ نومبر تک انتظار کریں بیٹھیں اب جیسے ابھی اقبال حیدر صاحب نے آپ کو بتایا ابھی سے اگر حکومت لوگوں کو مارنا پکڑنا شروع کرے گی So, they will be responsible for creating law and order situation not we. We have said we will be unarmed, we will be peaceful, we will just March and register the protest. تو اس میں ہم کون سی غلطی کر رہے ہیں کون سی دستور کی خلاف ورزی کر رہے ہیں ٹھیک ہے آپ کہتے ہیں کہ حکوت کو اپیل کرتے ہیں کہ they should take action against us under Article 6. First you take this action against the person who already did it and people have been convicted even after the death for sabotaging the Constitution. You take the first step. ہم نے ابھی کچھ کیا ہی نہیں اور نہ کوئی کرنے کا ہم ارادہ رکھتے ہیں پھر یہ بار بار کہنا کہ جی یہ غیر جمہوری اقدام کر رہے ہیں ہم صرف لوگوں کا پریشر۔ جن لوگوں نے ہمیں ووٹ دیا ہے وہ کہتے ہیں جی کہ آپ بے شک اسمبلی میں تقریر کر دیں قومی اسمبلی میں بے شک بات کر دیں پریس کانفرس کر دیں لیکن ہمارے مسائل بد سے بد تر ہوتے جا رہے ہیں مہنگائی نے ہماری کمر توڑ دی ہے بیروزگاری نے ہمارا خانہ خراب کر دیا ہے ہم تکلیف میں ہیں اس وجہ سے ہم چاہتے ہیں کہ اس حکومت کی آنکھ کھلے اور وہ راست قدم پر آجائے اپوزیشن کا یہی کام ہوتا ہے کہ وہ حکومت پر تنقید کرے اور اس کو بتائے کہ آپ غلط کر رہے ہیں اگر نارمل کورسز میں وہ بات نہیں سمجھتے نہیں سنتے تو پھر گلی میں جانا یا جلوس نکالنا جلسہ کرنا کوئی غیر جمہوری اقدام نہیں ہے جس کی یہ شکایت کر رہے ہیں میں یہ گزارش کرتا ہوں کہ یہ تحریک استحقاق نہیں بنتی ہے ہم نے کوئی آئین کی مخالفت کی ہے نہ اس کو رد کر رہے ہیں We are adopting purely

اور اگر ہم یہ مطالبہ کرتے ہیں constitutional method to register our protest
کہ یہ rigged assemblies ہیں ان کو dissolve کیا جائے تو کوئی جرم نہیں کیوں کہ
دستور میں یہ دیا ہوا ہے کہ صدر اس کو dissolve کر سکتا ہے خود وزیر اعظم، میں تو ان کو
کھوں گا ان کے لئے اچھا ہے اگر وہ سمجھتے ہیں کہ وہ لوگوں میں پاپولر ہیں اور وہ اتنی محنت
کرتے ہیں اور لوگ ان پر بڑے خوش ہیں He can just go for fresh election, let
him take a fresh mandate ہم کہتے ہیں کہ آپ صحیح الیکشن سے نہیں آئے ہیں جب
جن اب rigged election کی بات ہوتی ہے تو آپ نے خود ایک کارٹون دیکھا ہو گا کہ
جب American election چل رہا تھا تو سارے اخبارات میں چھپا تھا کہ جب مسٹر بش
الیکشن ہار رہا تھا تو اس نے کہا تھا کہ ring up Nawaz Sharif اب یہ دنیا میں مشہور ہو
چکا ہے کہ کس طرح الیکشن ہوا تھا اور اس کے نتائج کیا ہیں اور اسی وجہ سے یہ جو لوگوں کو
response نہیں دے رہے ہیں اس کی صرف یہی وجہ ہے کہ یہ لوگوں کے صحیح
نمائندے نہیں ہیں شکریہ۔

جناب چیئر مین: فضل آغا صاحب۔

انجینئر سید محمد فضل آغا: بسم اللہ الرحمٰن الرحیم، شکریہ جناب چیئر مین، آج کی
تحریک استحقاق میرے خیال میں بالکل ہی رولز کے تحت عین بروقت ہے اور یہ قومی
ضرورت ہے اور پارلیمنٹ کی روایات کے مطابق ہے معزز اراکین نے جس طرح سیر
حاصل بحث کی ہے میرے خیال میں سارے نکات اس تائید میں ہیں کہ اس تحریک
استحقاق کو ایڈمٹ کیا جائے اور اس پر مزید بحث کرائی جائے اس کی وجہ یہی ہے جناب والا
کہ آپ نے دیکھا ہے کہ ملک میں ابھی دو سال پہلے انتخابات ہوئے ہیں اور اسی الیکشن کے
نتیجے میں قومی اسمبلی معرض وجود میں آئی اور سینٹ کے بہت سے اراکین جو اس وقت
اس تحریک استحقاق سے اختلاف رکھتے ہیں یہ فرماتے ہیں کہ الیکشن صحیح نہیں تھے میں
سمجھتا ہوں کہ ان کو انہی غلط الیکشنز کے صوبائی اسمبلیوں کے ممبران نے ووٹ دیئے تھے
تو اس بنا پر وہ سینٹ میں پہنچے ہیں تو یہ پہلے تو اس کو جسٹیفائی کریں کہ اگر یہ الیکشنز کو

نہیں مانتے تو سینٹ کے فلور پر یہ کس طرح موجود رہتے ہیں تو یہ کہنا میرے خیال میں اس فورم پر صحیح نہیں ہے کہ الیکشن صحیح نہیں ہوئے تھے اور پھر یہ سمجھ میں نہیں آتا کہ ان کو کب یہ خواب آیا کہ الیکشن صحیح نہیں ہیں اور اگر الیکشن صحیح نہیں تھے یا انہوں نے الیکشنز میں کوئی فراڈ دھوکا یا اس قسم کی mis-appropriation دیکھی تو پہلے دن سے یہ protest lodge کرتے اور اسمبلیوں کا بائیکاٹ کرتے اور آئین کے تحت حلف نہ لیتے اب یہ اسمبلیوں میں بھی آئے ہیں اور سینٹ میں بھی منتخب ہو کر آئے ہیں اور انہوں نے آئین کے تحت حلف لیا ہے کہ ہم اس آئین کے اور اس پارلیمنٹ کے وفادار رہیں گے اور اس کا تحفظ کریں گے اب یہ بات سمجھ میں نہیں آتی کہ یہ لانگ مارچ اور جیسا کہ آپ نے صحیح فرمایا کہ یہ لانگ مارچ نہیں یہ لانگ رائیڈ ہے یہ لانگ رائیڈ لے کر اسلام آباد آنے کا کیا نتیجہ ہے یہ اپنے ملک کے معاشی حالات سے واقف نہیں ہیں کیا یہ عوام کی مجبوریوں اور پستہ حالی سے واقف نہیں ہیں کیا یہ موجودہ سیلاب نے جس طرح ملک کو تباہ و برباد کیا اس سے واقف نہیں ہیں کیا یہ موجودہ حکومت نے جو باوقار پالیسیاں خصوصاً خارجہ پالیسی اختیار کی ہے اور سیلف ریلائنس کی طرف جا رہے ہیں اور جس وجہ سے اقوام متحدہ ہمارے جو پاکستان کو کمزور اور معذور دیکھنا چاہتے ہیں ان کی مرضی کے خلاف یہ پالیسیاں ہیں اور حکومت اس بات پر ڈٹی ہوئی ہے کہ ہم ایک آزاد اور خود مختار ملک کی حیثیت سے اپنی پالیسیاں آگے لے کر چلیں گے کیا یہ اس سے واقف نہیں ہیں ان حالات میں میں سمجھتا ہوں کہ عوام کو سٹریٹس پر لا کر یہ کس قسم کی اور کن لوگوں کی خدمت کرنا چاہتے ہیں۔ ملک کے اندر سوائے اس کے کہ آپ عوام کو سٹریٹ پاور بنا کر گلیوں اور کوچوں میں لائیں اور پھر انہی میں لوگ نکل آتے ہیں جو توڑ پھوڑ بھی کرتے ہیں جو لوگوں کی املاک بھی جلاتے ہیں جو ایک disturbance اور unstability کی حالت بھی پیدا کرتے ہیں تو یہ کیا پورے ملک کی اکانومی کو خراب کرنے کے پیچھے نہیں ہیں کیا اس سب کچھ کا یہ نتیجہ نہیں نکلے گا کہ ملک تباہی اور مفلسی اور ایک عدم استحکام کی حالت سے دوچار ہو جائے گا اور یہ اخبار میں بھی یحییٰ بختیار صاحب نے جیسا کہ فرمایا ہے کہ اخباروں میں تو بیانات

آتے ہی رہتے ہیں تو ہمارے پاس تو جناب والا source of information یا جس پر ہم privilege اور adjournment motion base کرتے ہیں وہ main ذریعہ اخبارات اور newspapers ہیں اور اخبارات میں یہ کہتے ہیں کہ جی ۱۹۷۳ء کے آئین کو کھڈے میں ڈال دیا جائے اور ردی کی ٹوکری میں پھینک دیا جائے تو میں سمجھتا ہوں کہ راجہ افضل صاحب نے صحیح کہا کہ آئین کے آرٹیکل ۶ کے تحت یہ بہت بڑا اور major offence ہے جو high treason میں چلا جاتا ہے اگر آپ ۱۹۷۳ء کے آئین سے اختلاف رکھتے ہیں اس آئین کو آپ مانتے نہیں ہیں تو اس سے بڑا treason تو اور کچھ نہیں ہو سکتا اور یہ وہ آئین ہے جو متفقہ طور پر پاکستان کی تمام سیاسی پارٹیوں کے اس پر دستخط ہیں۔ آئین میں اگر ترامیم ہوئی ہیں تو آٹھویں ترمیم سے پہلے بھی بعض ترامیم انہی حضرات نے پیپلز پارٹی کے دور میں ہوئی ہے۔ ایک ترمیم جو آٹھویں ترمیم ہے وہ پچھلی حکومت نے کی ہے اور وہ بھی میرے خیال میں اس حکومت کو یہ کریڈیٹ جاتا ہے کہ وہ آٹھویں ترمیم منظور کر کے انہوں نے ایک smooth transition سے مارشل لاء کے دور سے ایک جمہوری دور کی طرف حکومت کو گامزن کیا ہے ورنہ اگر آپ پاکستان کی تاریخ کو دیکھیں پاکستان کی تاریخ میں جب بھی احتجاجی سیاست ہوئی ہے اس سے ملک کو کوئی فائدہ نہیں ملا ہے ہمیشہ ہی ملک کو نقصان ہوا ہے اور ملک کو جمہوریت کی پٹڑی پر نہیں چلا سکے یہ کریڈیٹ واحد اور اس غیر جماعتی الیکشنز جن کو یہ ماننے سے انکار کرتے تھے اور جن میں مسلم لیگ کی حکومت بنی تھی، یہ کریڈیٹ ان کو جاتا ہے کہ انہوں نے صحیح طریقہ اپنایا ایجیٹیشن کی بجائے وہ الیکشن میں گئے اور الیکشن کے ذریعے وہ پارلیمنٹ میں آئے اور پارلیمنٹ میں آکر انہوں نے بڑے سموتھ طریقے سے بڑے آرام سے مارشل لاء کی پٹڑی سے اس حکومت کو جمہوریت کی پٹڑی پر ڈالا اور پھر ان ساڑھے تین سالہ دور میں بھی ہم نے ان کو decensy کی سیاست کی دعوت دی ان کو جلسے جلوس کی دعوت دی اور جمہوریت کو پروان چڑھانے میں مدد دی یہ کریڈیٹ بھی مسلم لیگ کو جاتا ہے اور جمہوریت کو پروان چڑھانے کے لئے ہر قسم کے جلسے جلوس کی اجازت دی ورنہ اس سے پہلے کبھی یہ اپنی حکومت بھی دیکھیں اور

اگروہ اپنے گریبانوں میں صحیح طرح سے نظر ڈالیں جو ان کے دور اقتدار رہے ہیں تو کیا کچھ نہیں ہوا۔ بہرہ ور سعید صاحب اور ارکین نے بہت ڈیٹیل سے باتیں کی ہیں اگر میں ان باتوں میں جاؤں گا تو بہت سارا وقت لگے گا لیکن اس ملک کے بچے بچے کے سینے میں یہ باتیں موجود ہیں اور وہ درد بھی موجود ہے کہ ایجی ٹیشن کی سیاست نے ہمیں کیا دیا سوائے افلاس ملک کو دولخت کرنا غریبوں کو دربدر کرنا منوپلی اور ملک میں ایک قسم کی وڈیرا شاہی کا نظام اس ملک میں لے آنا اس کے علاوہ ہمیں اور کچھ نہیں ملا ہے۔ میں سمجھتا ہوں کہ ان کے لانگ مارچ کا جو سسٹم ہے یہ کسی طرح سمجھ میں نہیں آتا اور یہ کلیئر کٹ آئین کی خلاف ورزی ہے اور پارلیمنٹ کے دونوں ہاؤسز کے وقار کو ختم کرنے کی ایک کوشش ہے اور میں سمجھتا ہوں سپیشلی پیپلز پارٹی نے سینٹ کو ٹارگٹ بنایا ہے اس لئے جب دو سال پہلے ان کا دور اقتدار تھا جب یہ الیکشن میں آئے ان کی حکومت بنی تب بھی انہوں نے سینٹ کے وجود سے انکار کیا تھا تب بھی انہوں نے سینٹ کے معزز ارکان کو حیلے بہانے ڈھونڈ کر ان کی انسلٹ کرنے کی کوشش کی اب بھی یہ ہو رہا ہے۔ دس دن پہلے نیشنل اسمبلی کا اجلاس ہو رہا تھا انہوں نے اس قسم کی کوئی بات نہیں کی کوئی لانگ مارچ نہیں کیا کوئی پروسیشن نہیں کیا۔اسمبلی کے اندر کوئی پروٹیسٹ نہیں کیا اگر واقعی ان کو یہ سب کچھ منظور نہیں ہے تو یہ استعفیٰ دے دیں۔اول تو پبلک ان کے ساتھ نہیں ہے اور جو لوگ ان کے ساتھ آنا چاہتے ہیں میں سمجھتا ہوں وہ اپنے لوگوں سے مطمئن نہیں ہیں۔ اگر کوئی اپنے آپ سے مطمئن نہیں ہو تو اس کا علاج گورنمنٹ کے پاس نہیں ہے۔ اس کے لئے آئینی طریقہ کار موجود ہے۔ یہ آئین پارلیمنٹ میں بات کریں اور انتظار کریں اس ملک میں یہ مصبیت رہی ہے جب بھی کوئی پارٹی برسر اقتدار آتی ہے باقی تمام پارٹیاں ایک ساتھ ہو جاتی ہیں اور اس گورنمنٹ کے over throw کے پیچھے لگی رہتی ہیں جونہی وہ گورنمنٹ کو topple کرنے میں کامیاب ہوتی ہیں پھر اس کے آپس میں جھگڑے شروع ہوتے ہیں پھر ہر ایک اپنی کرسی اقتدار کے پیچھے لگ جاتا ہے۔ بد قسمتی تو یہ ہے کہ یہ ایک چھوٹا سا ملک ہے آپ کو یاد ہو گا دو سال نیشنل

کانگریس آف لیبیا جو تھا وہاں ہم گئے تھے اور معمر قذافی نے اپنی پارلیمنٹ سے خطاب کرتے ہوئے طنزاً پاکستان کو ریفر کیا تھا پاکستان جیسے ملک میں ۶۵ سیاسی پارٹیاں ہیں یہ مذاق اڑانے کی بات ہے لوگ ایک دوسرے کے اتنے ہم خیال ہیں ایک دوسرے کے اتنے قریب ہیں تو وہ قرابت صرف جلسے جلوس اور اس حکومت کو غیر آئینی طریقے سے ہٹانے تک نہیں ہونا چاہیے پھر ان پارٹیز کو باقاعدہ ضم ہونا چاہئیے اور اس ملک کو تین چار سیاسی پارٹیز دینی چاہیئں اس لئے کہ ہمارے ہاں تو ایک اسلامی مملکت ہے اور اسی بنا پر یہ معرض وجود میں آیا تھا۔ مسلمان اپنے لئے ایک مختلف رائے عامہ اور قرآن و سنت کے مطابق اپنی زندگی کے لئے انتظام اور تعین کریں گے۔ لہذا ایسے معاشرے میں جہاں ہم اسلام کی سربلندی چاہتے ہیں وہاں تین چار سے زیادہ سیاسی پارٹیز کی ضرورت نہیں ہے۔ میری سمجھ میں تو نہیں آتا کہ اتنی زیادہ سیاسی پارٹیوں کی وجہ کیا ہے سوائے اس کے کہ ہر پارٹی کا لیڈر وزیر اعلیٰ یا وزیر اعظم بننا چاہتا ہے جو کہ ہمارے لئے بڑا مشکل ہے اور اس ملک کے اگر سب لوگ ambitious ہوں کہ ہم ہی وزیر اعظم بنئیں اور ہم ہی پاور میں رہیں تو عوام کو ہم کچھ نہیں دے رہے ہم عوام کی آنکھوں میں مٹی اور ریت جھونک رہے ہیں اور ان کو دن بدن پستی کی طرف لے جا رہے ہیں۔ میری گزارش یہ ہے یہ لانگ مارچ جو ہے یہ بالکل غیر آئینی ہے یہ عوام کے انٹرسٹ میں نہیں ہے یہ ملک کے انٹرسٹ میں نہیں ہے یہ دونوں ایوانوں کو خراب اور کٹ کرنے کے لئے کیا گیا ہے۔ یہ ملک کو تخریب کی طرف لے جانے کے لئے کیا ہے موجودہ حالات میں جب ہم ایک بہت کروشیل ٹائم سے گزر رہے ہیں انٹر نیشنل سیاست کے scenario پر اگر آپ نظر دوڑائیں تو پاکستان کی بہت بڑی اہمیت بنتی ہے اور یہ بات سمجھ میں آتی ہے جس کی طرف وزیر اعظم صاحب نے بھی اشارہ کیا ہے کہ یہ واقعی کسی خارجی قوت کے ایماء پر یہ سب کچھ ہو رہا ہے ورنہ اگر کوئی وفادار پاکستانی ہو ان نازک حالات میں اور اس دور میں ملک کے داخلی اور باہر کے جو حالات ہیں جس طرح دنیا ایک نئے موڑ پر کھڑی ہے ان حالات میں اور اس منتخب پارلیمنٹ میں انتشار لانے میں اور ملک میں انتشار لانے میں سوائے

آپ ملک دشمنی اور کچھ نہیں کر رہے تو میری گزارش ہے کہ اس پرویلج موشن کو ایڈمٹ کیا جائے اور آئین کے آرٹیکل کے تمام ریفرنس راجہ افضل صاحب نے آپ کو دیئے ہیں میں ان کو دوھرانا نہیں چاہتا اور اس پر مزید سیر حاصل بحث ہونی چاہئیے۔ شکریہ۔

جناب چیئرمین: شکریہ پروفیسر خورشید احمد۔

پروفیسر خورشید احمد: جناب چیئرمین میں آپ کا بے حد ممنون ہوں کہ آپ نے مجھے اس موضوع پر اظہار خیال کا موقع دیا میں بہت ہی اختصار کے ساتھ اس تحریک کی ایڈمسبلٹی پر بات کروں گا پہلی بات تو میں آپ کو یاد دلاؤں گا کہ اس ایوان کی تاریخ میں یہ پہلا موقع نہیں ہے کہ اس نوعیت کے مسائل ہم زیر غور لا رہے ہیں۔ سب سے پہلے جنرل ضیاء الحق صاحب نے اپنی تقریر کے اندر پارلیمانی اداروں کا مذاق اڑایا تھا تو اس وقت اس ایوان نے اس کا نوٹس لیا تھا جاوید جبار صاحب، کوثر نیازی صاحب اور میں نے تحریک پیش کی تھی اس کے بعد جب مئی ۸۸ء میں قومی اسمبلی کو توڑا گیا ہے عدالتوں کے فیصلے تو بعد میں آئے ہیں جیسے آپ نے ابھی فرمایا اس ایوان نے پورے تین دن اس مسئلے کے اوپر بحث کی اور ہم نے اس مسئلے کو اتنا اہم سمجھا اگر پارلیمنٹ کا ایک ایوان اس طرح dissolve کیا جاتا ہے جس سے پورے ملک کا دستوری ڈھانچہ درہم برہم ہو جائے اور جو پراسس یہاں ہے جمہوری عمل کا وہ متاثر ہو جائے تو پھر سینٹ کی ذمہ داری ہے کہ وہ اس کو دیکھے اور یہ اسی کا نتیجہ تھا کہ پھر اس وقت کے صدر مملکت سینٹ میں آئے اور یہاں آکر انہوں نے انتخابات کی تاریخ کا اعلان کیا یہ سینٹ کے اس نوٹس لینے کا نتیجہ تھا اور اس طرح ہم نے ملک کو دوبارہ جمہوریت کی پٹڑی پر ڈالنے میں ایک کردار ادا کیا۔ اسی طرح میں آپ کو یاد دلاؤں گا جب بلوچستان کی اسمبلی توڑی گئی تو اس وقت بھی اس ایوان نے اس کا نوٹس لیا اور ہم نے اسی پہلو پر غور کیا۔ کیا فی الحقیقت اس نتیجے کے طور پر ملک نے جو دستوری ڈھانچہ بنایا ہے اور جو جمہوری عمل یہاں بروئے کار آرہا ہے وہ متاثر ہو رہا ہے یا نہیں پھر میں آپ کو یاد دلاؤں گا جب پی پی کی گورنمنٹ اور اس کے مختلف افراد نے وزیراعظم اور اٹارنی جنرل نے سینٹ کے بارے میں مختلف خیالات کا اظہار کیا

تو سینٹ نے اس کا نوٹس لیا اس بنا پر میں سمجھتا ہوں کہ یہ تاریخی روایات بھی موجود ہیں اور یہ مسئلہ اتنا اہم ہے کہ ہم اس پر غور کریں۔ جناب والا دوسری بات میں یہ کہنا چاہتا ہوں ابھی ہمارا ملک بڑے نازک دور سے گزر رہا ہے۔ بد قسمتی سے ان ۴۴/۴۵ سال میں سے ۲۳ سال ایسے ہیں جس میں ڈائریکٹلی فوجی حکومت اس ملک میں رہی ہے۔ بڑی مشکل سے جمہوری ادارے دوبارہ قائم ہوئے ہیں اور میری نگاہ میں اس وقت حزب اقتدار اور حزب اختلاف دونوں کا فرض ہے کہ وہ جمہوری اداروں کے استحکام، اس پراسس کی بقاء اور اس سے آگے بڑھنے کی فکر کریں اور مجھے یہ بات دکھ سے کہنی پڑتی ہے اس معاملے میں حزب اقتدار کا رویہ بھی معیار سے گرا ہوا ہے اور اس وقت جو سیاسی ہنگامہ آرائی ملک میں پیدا کی جا رہی ہے وہ ملک کے جمہوری اداروں کی بقاء کے لئے خطرہ بن سکتی ہے۔ ان کے استحکام اور ان کی ترقی کے لئے خطرہ بن سکتی ہے۔ جناب والا میں یہ بات صاف الفاظ میں کہنا چاہتا ہوں ہر وہ کوشش جس کے نتیجے کے طور پر قومی اسمبلی اور سینٹ غیر موثر ہو جس کے نتیجے کے طور پر ملک میں جو جمہوریت کے ذمہ دار ادارے جن میں صدارت اور پارلیمنٹ کے دونوں ایوان مرکزی اہمیت رکھتے ہیں کمزور ہوں ان کے درمیان تصادم کی فضا پیدا ہو ان کو ہدف تنقید اور ہدف ملامت بنایا جائے جمہوریت نام ہے تنقید و احتساب ۔ لیکن تنقید و احتساب اور ملامت اور ان اداروں کو in bad order لانا ان کو ridicule کرنا ان کا مذاق اڑانا ان کی حیثیت کو متنازعہ بنانا یہ دو الگ الگ چیزیں ہیں اور ہمیں ان کے درمیان فرق کرنا چاہیئے۔ میں سمجھتا ہوں کہ اس وقت ملک بڑے ہی نازک دور سے گزر رہا ہے اور اگر خدا نخواستہ کوئی ایسی صورت پیدا ہوتی ہے جس کے نتیجے کے طور پر فوج کسی سیاسی کردار کے بارے میں سوچتی ہے یا کوئی اقدام کرتی ہے تو یہ ہماری تاریخ کا سب سے بڑا سانحہ ہو گا اور مجھے یہ بات کہتے ہوئے دکھ ہوتا ہے اگر آپ غور کے ساتھ اپوزیشن کی قیادت کے بیانات کا مطالعہ کریں اور میں یہ کام برابر پوری سنجیدگی سے اور پورے اہتمام سے کر رہا ہوں تو جہاں میں یہ بات کہنا چاہتا ہوں کہ یہ اپوزیشن کا حق ہے وہ حکومت پر تنقید کرے وہ حکومت کا احتساب کرے ایوان کے اندر بھی کرے ایوان کے

باہر بھی کرے اور ہر پرامن جمہوری ذریعہ اپنے خیالات اور اپنے نقطہ نظر کے اظہار کے لئے اختیار کرے۔رائے عامہ کو ہموار کرے، جہاں اس کا یہ حق ہے وہاں اس پر کوئی قدغن نہیں لگنی چاہئیے۔ دستور کی ۱۵/ ۱۶ اور ۱۷ دفعات آپ کے سامنے رکھی گئی ہیں اور میری نگاہ میں یہ اس بات کی ضمانت ہے کہ یہ موقع پوری طرح سے ملک میں حاصل ہونا چاہئیے۔ لیکن اپوزیشن ہنگامہ آرائی کے لئے فضا ہموار کرتی ہے یا کوئی ایسا سناریو secnarioپیدا کرتی ہے جس سے ملک میں لا اینڈ آرڈر کی situationپیدا ہو، virsus کی طرف سیاست جائے۔ اور اگر بیانات کا تجزیہ کریں تو ان کے اندر چند چیزیں ایسی ہیں جو کہ پریس نوٹس لینے کے لائق ہیں ان میں پہلی چیز یہ ہے کہ اس پورے زمانے میں دستور کا کھلے بندوں مذاق اڑایا گیا ہےridicule کیا گیا ہے اس کو۔ یہ بات کہ دستور میں دستوری طریقے سے ترمیم کی جائے جائز ہے اس کو آپ اپنے مینوفیسٹو میں بھی لا سکتے ہیں، اس کے لئے آپ ایوان میں کوشش بھی کر سکتے ہیں اس کے لئے آپ اگلے الیکشن میں نیا مینڈیٹ بھی دے سکتے ہیں لیکن ملک میں جو جاری دستور ہے اس کا عدم احترام کرنا، اس کا مذاق اڑانا یہ میری نگاہ میں یہ سیاسی عمل اور سیاسی حدود کے اندر نہیں ہے۔

دوسری چیز اس موقع پر صاف یہ کہی گئی ہے کہ ہم آ کر کے اسمبلی کا گھیراؤ کریں گے یہ لفظ "گھیراؤ" ہماری ایک خاص تاریخ رکھتا ہے۔ یہ گھیراؤ کا لفظ اس وقت استعمال ہوا ہے جب ایوب خان کے وقت تحریک کا آغاز کیا گیا۔ پھر یہ ٹرم ۱۹۷۷ء کے بعد استعمال کی گئی ہے جب اسمبلی بنی تھی، اس کے بارے میں۔ تو اس لفظ کا استعمال کیا جانا جو ہے یہ جائز جمہوری حدود نہیں ہے جس کے تحت حزب اختلاف کو حزب اقتدار سے سیاسی اختلاف کے اظہار کا ذریعہ سمجھا جائے۔ اسی طرح جناب والا، یہ بات کہی گئی ہے کہ ہم یہاں آ کر دھرنا مار کر بیٹھ جائیں گے اور اس وقت تک نہیں اٹھیں گے جب تک کہ حکومت ختم نہیں ہو جاتی ہے یہ جناب والا، میری نگاہ میں واضح طور پر ان حدود سے تجاوز ہے جو کہ تبدیلی کا جمہوری عمل ہے۔ پھر یہ بات بھی کہی گئی ہے اور اس بارے میں اصغر خان کا بیان بڑا واضح ہے کہ حکومت جائے ورنہ فوج آئے گی اور پھر فوج کے آنے کی

ذمہ داری ہم پر نہیں ہو گی۔ سوال یہ پیدا ہوتا ہے کہ پھر یہ کس پر عائد ہو گی۔ جناب آپ ہی وہ فضا پیدا کر رہے ہیں جس میں اس چیز کے ہونے کا امکان ہے۔ جناب والا، میں سمجھتا ہوں کہ اس ملک کی فوج کے ساتھ، اس ملک کے ساتھ اس سے بڑی کوئی بے وفائی اور دشمنی نہیں ہو سکتی ہے کہ ہم فوج کو سیاست میں ملوث کریں، اسے ملوث کرنے کی دعوت دیں یا ایسے حالات پیدا کریں جس کا نتیجہ فوج کی مداخلت کی صورت میں نکلے یا مارشل لا کی صورت میں نکلے یا اس نوعیت کی کوئی اور صورت پیدا ہو۔ یہ وہ تمام چیزیں ہیں جو کہ دستور کی دفعہ ٦ کی زد میں آتی ہیں اور اس کے اندر میں آپ کی توجہ خاص طور پر مبذول کراؤں گا show of power کے لفظ پر، کہ وہاں اس بات کی پیش بندی کی گئی ہے کہ جو سیاسی عمل آپ کریں اسے کس اصول کے تحت ہونا چاہیئے اور کن حدود کو اسے کراس نہیں کرنا چاہیئے۔

جناب والا، جہاں میں حزب اختلاف کے اس حق کو، اپنے اس حق کو ناقابل سمجھوتہ سمجھتا ہوں کہ ہمیں حکومت سے اختلاف تھا، اس پر تنقید کا حق حاصل ہے موجودہ حکومت سے میں خود بے حد غیر مطمئن ہوں جس طرح سے یہ معاملات کو چلا رہے ہیں وہ میری نگاہ میں صحت مند نہیں ہیں ان کے لئے بھی اور ملک کے لئے بھی لیکن اس کے ساتھ ساتھ ان کا یہ حق مانتا ہوں کہ جب تک انہیں قومی اسمبلی کا اعتماد حاصل ہے انہیں حکمرانی کا موقع ملنا چاہیئے۔ اسی طرح میں یہ بھی مانتا ہوں کہ روز روز اسمبلیوں کا توڑنا اور اسمبلیوں کا توڑنے کا مطالبہ کرنا، یہ دراصل ملک میں جمہوری عمل اور دستوری عمل کو مستحق نہیں ہونے دے گا۔ ہم میں اتنا صبر ہونا چاہیئے کہ ہم الیکشن کے مناسب وقت کا انتظار کریں اور بلا شبہ اس کے لئے دونوں راستے موجود ہیں لیکن آپ عدالتوں کے فیصلوں کا مطالع کیجیئے۔ ۱۹۸۸ء اور ۱۹۹۰ء کے فیصلوں کا مطالعہ کیجیئے۔ ان دونوں سے یہ بات صاف ہو جاتی ہے کہ صدر کا یہ اختیار ایسا غیر محدود اختیار نہیں ہے کہ وہ محض شور ڈالنے والے افراد کی آواز پر یا خود اپنے کسی عدم اطمینان پر یہ اقدام کر دیں۔ عدالت عظمیٰ نے یہ واضح کیا ہے کہ یہ بڑا سیریس معاملہ ہے یہ اختیار اس وقت استعمال ہونا چاہیئے کہ

جب Constitutional machinery breakdown کر جائے۔ محض حکومت کا کرپٹ ہونا، محض حکومت کا غلطیاں کرنا اسمبلی توڑنے کے لئے کافی نہیں ہے اس کے لئے Constitutional machinery کا breakdown ہونا ضروری ہے اور ایسی کوئی صورت حال اس وقت نہیں پائی جاتی ہے۔ جناب والا، اس لئے میں سمجھتا ہوں کہ یہ بڑا سیریس مسئلہ ہے جہاں حکومت سے مجھے خود بے حد اختلافات ہیں جہاں میں اپوزیشن کا یہ حق سمجھتا ہوں کہ ان کو دستور کے تحت جمہوری پراسس کے احتجاج کرنا چاہئیے اس میں ان کو آپے سے باہر نہیں نکلنا چاہئیے اور کوئی شدید صورت حال پیدا نہیں کرنی چاہئیے۔ آپ کو معلوم ہے کہ اسلام آباد کا ایک گھیراؤ ۷۹-۱۹۸۰ء میں ہوا تھا اور وہ ہر حیثیت سے ایک ایسا اقدام تھا جسے کسی بنیاد پر بھی جمہوری نہیں کہا جا سکتا اس پس منظر کے اندر میں سمجھتا ہوں کہ جو اقدام اس وقت کیا جا رہا ہے وہ لانگ مارچ ثابت ہوتا ہے یا لنگڑا مارچ ثابت ہوتا ہے۔ یہ تو مجھے نہیں پتہ لیکن میں یہ سمجھتا ہوں کہ یہ وقت بہت نازک ہے۔ اس وقت سینٹ کو ہدف بنانا جو کہ اس وقت سینٹ ان سیشن ہے۔ یہ درست نہیں ہے۔ جو فضا اس وقت ہے اس میں اگر احتیاط نہ برتی گئی تو حقیقت یہ ہے کہ یہ چیز جمہوری اداروں کے لئے خطرہ بن سکتی ہے اس لئے میں اپوزیشن کے اس حق کو مانتے ہوئے حکومت سے یہ کہوں گا کہ آپ بھی اس معاملے میں تحمل کریں۔ آپ میں یہ صبر و تحمل ہونا چاہئیے کہ آپ اپوزیشن کی بات کو سنیں بھی اور پھر انہیں جائز حدود کے اندر اظہار رائے کا موقع بھی دیں۔ ان چیزوں میں جلسہ اور جلوس شامل ہیں۔ یہ اظہار خیال کے معروف سیاسی راستے ہیں لیکن بات آگے بڑھے جو کہ اداروں کے لئے خطرہ ہو، جس سے لا اینڈ آرڈر کی صورت حال پیدا ہو سکتی ہو، دستور کو پامال کیا جا رہا ہو اور یہ کہنا کہ ہم دھرنا مار کر بیٹھ جائیں اس وقت تک جب تک حکومت collapse نہیں کرتی ہے اور یہ کہنا کہ ہم صدارت سے صدر کو quit کروائیں گے یا یہ کہ فوج intervene کرے۔ یہ وہ تمام چیزیں ہیں جو directly دستور کی وائلیشن ہے، جمہوریت کے لئے خطرہ ہے اس ایوان کے لئے خطرہ ہے اور اگر یہ چیز ان حدود تک پہنچتی ہے تو وہ میری نگاہ میں پرولج کو violate کرے

گی ورنہ نہیں کرے گی۔ حکومت اور اپوزیشن دونوں کی یہ ذمہ داری ہے۔ حکومت بھی صبر و تحمل سے کام لے وہ کوئی ایسی صورت اختیار نہ کرے جس سے virus کی طرف یہ چیز جائے۔ اگر تحریک جائز جمہوری انداز میں رہتی ہے تو انہیں اپنی بات کو کہنے کا حق حاصل ہے۔ دوسری طرف اپوزیشن کی بھی ذمہ داری ہے کہ وہ اس میں گرما گرمی پیدا نہ کرے اور نہ ہی ایسے عناصر کو شامل کرے جن کی وجہ سے یہ تحریک ڈائریکٹ یا ان ڈائریکٹ خون خرابے کی طرف لے جائے اور پھر ملک میں جمہوریت کی بساط کو خطرہ پیدا ہو جائے۔ یہ چیز بڑی ہی خطرناک ہو گی اس لئے میں حکومت سے، اپوزیشن سے، پریس سے اس موقع سے فائدہ اٹھا کر یہ اپیل کرنا چاہتا ہوں کہ ان میں سے ہر ایک اپنی اپنی حدود کا پاس کرے اور اس بنا پر میں اس تحریک کے پیش کرنے والوں کو ویلکم کرتا ہوں کہ انہوں نے اس نازک وقت پر قوم کی توجہ ان مسائل پر مبذول کرائی اور اس طرح یہ ایوان ایک کردار ادا کر سکتا ہے صحت مند جمہوری روایات کے فروغ کے لئے۔ ایوان کو حکومت سے بھی کہنا چاہئیے کہ جلسے اور جلوسوں کی جائز حدود کے اندر اجازت ہو اس میں intervention نہ کرو۔ اپوزیشن سے بھی یہ بات کہے کہ وہ ان جائز حدود سے آگے نہ بڑھے۔ اور اپنے قول کے اندر، اپنے اعلانات کے اندر اپنی تنقید کے اندر ان حدود کا خیال رکھے جس کے نتیجہ کے طور پر یہاں جمہوری ادارے اور جمہوری اقدار پنپ سکیں۔ میں موجودہ حکومت کا ناقد ہوں لیکن ان کا یہ حق مانتا ہوں کہ وہ اپنی ٹرم پوری کرے اس لئے بار بار اس پراسس کو disturb کرنا، اس ملک میں جمہوریت کو آگے لے جانے کے لئے میں سمجھتا ہوں کہ نقصان دہ ہو گا اس بناء پر میں سمجھتا ہوں کہ آپ کو اس تحریک پر سنجید گی سے غور کرنا چاہئیے۔ میں اس کی technicalities کے مقابلے میں آپ کو بھی اور اس ایوان کو بھی متوجہ کروں گا کہ اس کا کردار مثبت ہونا چاہئیے اور مثبت کردار یہ ہے کہ ہم اپوزیشن کو بھی warn کریں کہ وہ اپنی حدود سے آگے نہ جائیں اور حکومت کو بھی متوجہ کریں کہ وہ اس موقع کے اوپر کوئی غلط اقدام نہ کرے۔ راج ہٹ کا مظاہرہ نہ کرے۔ اور محض جلوس اور جلسے کو اپنے اقتدار کے لئے خطرہ نہ سمجھے اگر یہ احتیاط دونوں برتیں گے

تو میں سمجھتا ہوں کہ ہم اس crises سے خوبصورتی کے ساتھ گزر سکتے ہیں اور اسی طرح جمہوری عمل آگے بڑھے گا۔ یہی میری گزارشات ہیں۔

جناب چیئرمین: شکریہ محمد علی خان صاحب۔

قطع کلامی

آوازیں: جی ان کو وقت دے دیں جی ٹائم limit کے ساتھ۔

جناب چیرمین: اچھا ٹھیک ہے جی اقبال حیدر صاحب۔

سید اقبال حیدر: جی میرے لئے time limit ہو گا بالکل یہی تو وہ ناانصافیاں ہیں جن کی بنا پر ہم لانگ مارچ کر رہے ہیں۔

Mr. Chairman: No time-limit. As long as you are relevant, you can speak.

سید اقبال حیدر: یہی تو وجہ ہے کہ ہمیں لانگ مارچ کرنی پڑی کہ ایوان کو منصفانہ طریقوں پر چلانے میں حکومت ناکام رہی ہے۔

مداخلتیں

سید محمد فضل آغا: میں گزارش کروں گا کہ اقبال حیدر صاحب نے ایوان کو غیر منصفانہ طریقوں پر چلانے کی کوشش کی جاری ہے تو یہ direct chair پر جاتا ہے۔

جناب چیئرمین: نہیں نہیں کوئی بات نہیں۔

سید اقبال حیدر: جناب چیئرمین پہلے تو میں یہ آپ سے گزارش کروں گا آج یہ ہمارا پرائیویٹ ممبر ڈے تھا اور it has been converted into an official day by moving this resolution which is on behalf of the Government by the treasury benches, and I would like you to please pass an order that the present business of the Private Members Day may be taken in the afternoon because this will be very unfair. For once in a week we have a chance to present certain important motions and we are being deprived of that chance and the Government has usurped even this privilege of us all.

جناب چیئرمین: بات یہ ہے کہ یہ معاملہ جو زیر بحث ہے میں سمجھتا ہوں بہت اہم ہے۔ سارے عوام کی توجہ اس طرف ہے میں چاہتا ہوں کہ اس پر اظہار خیال ہو and before I decide I wanted to be guided on this matterاور یہ پہلے بھی ہوا ہے کہ جب اس قسم کا اہم معاملہ آتا ہے تو باقی چیزیں تو پس پشت پڑ جاتی ہیں۔

سید اقبال حیدر: جناب اس کی اہمیت پر مجھے اعتراض نہیں ہے تو یہ معاملہ کل اگر حکومتی ڈے پر discuss کر لیا جاتا تو......

Mr. Chairman : No. It is a Privilege Motion and it has to be taken-up immediately.

سید اقبال حیدر: کوئی ان کی حکومت ۲۴ گھنٹے میں میرے خیال میں نہیں گر رہی۔ جناب چیئرمین سب سے پہلے تو میں یہ گزارش کروں گا کہ پریولج موشن مفروضوں پر مبنی ہے۔ مکمل طور پر مفروضے ہی مفروضے اور بے بنیاد الزامات لگائے گئے ہیں پریولج موشن ہمیشہ حقائق پر ہی مبنی ہوتا ہے انہیں خدشات ہیں کہ ایسا ہو گا انہوں نے الزام لگایا ہے کہ کسی نے کہا کہ وہ آئین کو ردی کی ٹوکری میں پھینک دیا جائے۔ جو کہ ایک بالکل بے بنیاد الزام ہے۔ قائد حزب اختلاف اور پیپلز پارٹی کی معاون چیئرپرسن محترمہ بے نظیر بھٹو نے کہیں بھی اور کبھی بھی یہ نہیں کہا کہ آئین کو ردی کی ٹوکری میں پھینک دیا جائے تو پہلا یہ الزام ہی غلط ہے کسی نے یہ نہیں کہا کہ سینٹ کا محاصرہ کیا جائے گا ہمارا یہ فیصلہ نہیں ہے کہ پارلیمنٹ کا محاصرہ کیا جائے گا۔ ہمارا فیصلہ یہ ہے کہ ہم لانگ مارچ کر کے جناح ایونیو پر آئیں گے اور یہ غاصب حکمران کا محاسبہ کریں گے۔ غاصب حکمران اور پارلیمنٹ دو مختلف چیزیں ہوتی ہیں اور غاصب حکمران کے محاسبہ کا حق جوابدہی کا حق، ان کے خلاف احتجاج کا حق، مجھے آئینی طور پر حاصل ہے۔ قطعاً یہ PDA کا فیصلہ نہیں ہے میں PDA کا ایک ادنیٰ سا عہدیدار بھی ہوں میں اس میٹنگ میں بھی موجود تھا جس کے اندر یہ فیصلہ کیا گیا کہ لانگ مارچ ہو گی۔ لانگ مارچ کے مقاصد میں پارلیمنٹ کا گھیراؤ یا سینٹ کا کام نہ کرنے کی کوشش کا دور دور سے کہیں ذکر ہی نہیں

ہے تو یہ مفروضوں پر مبنی جو پریولج موشن file کیا گیا ہے وہ بالکل بے بنیاد ہے اور اس کو مکمل طور پر مسترد کرنا چاہئیے رہا ایک اور فیصلہ کہ موجودہ حکمران ایک جعلی جھوٹی غیر منصفانہ انتخاب کے نتیجے میں اقتدار پر قابض ہوئے ہیں تو یہ سٹینڈ جناب چیئرمین! یکم نومبر سے PDA کا ہے۔ مسلسل ہم یہ کہہ رہے ہیں کہ یہ ۱۹۹۰ء کے انتخابات غیر منصفانہ غیر آئینی وقانونی و غیر اخلاقی اور اسکے نتیجے میں آنے والی حکومت کو کوئی اخلاقی یا آئینی جواز نہیں ہے کہ وہ اقتدار پر قابض رہیں پہلی نومبر سے ہم یہ کہہ رہے ہیں کہ انتخابات دوبارہ کراؤ، پہلی نومبر سے، اور مسلسل ہم یہ کہہ رہے ہیں کہ دوبارہ منصفانہ اور غیر جانبدارانہ انتخابات ایک نیوٹرل گورنمنٹ of national consensus کے تحت کرائے جائیں۔ چونکہ موجودہ حکمرانوں نے یہ ثابت کر دیا ہے کہ ان میں اہلیت ہی نہیں ہے کہ وہ منصفانہ اور غیر جانبدارانہ انتخابات کرا سکیں۔ یہ نقطہ نگاہ ہم مسلسل اس پر زور دیتے رہے ہیں اسکے بارے میں احتجاج کرتے رہے اور اس کے حصول کے لئے ہم مسلسل جدوجہد کرتے رہے ہیں یہ آج کوئی نئی بات نہیں اور لانگ مارچ بھی اسی نقطہ نظر کے حصول کا ایک ذریعہ ہے۔ رول نمبر ۶۲ واضح طور پر کہتا ہے۔and I quote that.

(ii) the question shall relate to a specific matter and shall be raised at the earliest opportunity ;"

"Earliest Opportunity" are the words that I rely upon. This is being raised will after two years. Therefore, on this ground alone, this motion is inadmissible. If anybody has a complaint that why are we demanding fresh elections, why are we condemning the present rulers then they should have done it at the earliest opportunity, this is one point ...which is a matter of law. This is not the first occasion that a demonstration is being brought to the Jinnah Avenue or near the Parliament House. Sir, if God forbid you will hold that anybody who brings any demonstration to vindicate its resentment and protests against policies of the Government to the Parliament then it will constitute breach of privilege that you are denying all the people of Pakistan of their right of association and right of protest and everyday there have been demonstrations then you will be

impsing a ban on all these demonstrations. This is not the only demonstration. Everyday, even during Martial Law period and every week, one section of the public or the other has been demonstrating its resentment here. This is not the first time that a demonstration is going to take place in the vicinity of the Houses of Parliament. Every time Journalists have been demonstrating, different workers have been demonstrating, labour has been demonstrating. Anybody who has resentment or protest they have been demonstrating. So, you cannot today, say that any demonstration in the vicinity of the Parliament will amount to a breach of privilege and it amounts to disturbing the proceedings of the House and it amounts to defeating the Constitutional House. It is totally wrong and frivolous and baseless and it will be the most unfortunate and most tragic in the democratic history of Pakistan, if God forbid, you (Mr. Chairman) up hold this sort of argument or contentions.

Sir, last year, also we had demonstrated. On 4th of August, there was a hunger strike on the same Jinnah Avenue in the vicinity of the Parliament because the Prime Minister's House is near and all important sections or organs of the State are here that is why we chose this venue and not otherwise. Last year, also we have demonstrated and the demonstrated twice. Last year on 19th of December, we have demonstrated. We have been taking out processions and public has been taking out processions time and again, it is nothing new. The apprehension and allegation that this demonstration (Long March) is intended to bring terrorism or to indulge in breach of peace or to indulge in 'goonda gardi' or vandalism is totally contemptuous for me. I am proud of the fact Mr. Chairman that since 1986, when Motharma Benazir Bhutto had returned to Pakistan she has the unique and singular privilege of leading the largest processions in the history of Pakistan. Right from 10th of April, 1986, till today, she has led more than hundred processions, she has addressed more than thousand 'Jalsaas' throughout Pakistan in every nook and corner of Pakistan. I am proud of the fact that not a single lamp post was damaged during the demonstration and processions attended by hundreds and thousands and laces of people of Pakistan.

جناب چیئرمین: یہ جو سٹیٹمنٹ آرہی ہے کہ جب تک حکومت تبدیل نہیں ہو گی ہم بیٹھے رہیں گے اس کے بارے میں آپ کیا کہتے ہیں۔

Syed Iqbal Haider : Sir, I would say بیٹھے نہیں، ہم احتجاج کرتے رہیں گے۔

جناب چیئرمین: پھر تبدیل کیسے ہو گی۔ باتوں سے تو نہیں تبدیل ہو گی۔

Syed Iqbal Haider : Sir, we will continue. Our obligation is to keep on demonstrating and representing the aspirations of the people of Pakistan.

جناب چیئرمین: پھر تو آپ باتوں سے تبدیل کروائیں گے بیٹھنے سے پھر کیسے ہو گا۔

Syed Iqbal Haider : No, Sir. We will continue our protest.

جناب چیئرمین: پھر بیٹھنے سے کیسے ہو گا۔

Syed Iqbal Haider : Sir, this is one of the forms of protest. Why are you scared all that. We are not resorting to any kind of violence. On the contrary, it is the State terrorism which has already started against us. Last night, hundreds of the houses of the PPP leaders and workers were raided, and people were terrorised. Our women were insulted without any warrant. When you are taking my leader and workers from the houses while they are sleeping, that crime are they committing? There is no sanctity or respect of the women or respect of the houses or 'Chadir and Chardiwari' before this Government. If they indulge in this blatant lawlessness, State terrorism and then they talk about that other people should not indulge in breaking of the law. With what face they are talking about that Army is being invited? These collaborators, these supporters of Martial Law, these beneficiaries of Martial Law for 12 years they have lived under the umbrella of Martial Law. They have been orphans of Gen. Zia-ul-Haq and they have the guts to tell us that we do not believe in democracy or we are desiring to bring Martial Law, how can they dare to say so? We are not inviting Army. We are not desirous of Martial Law. Our demand is one-simple, Sir, that this government has come into office through illegal, rigged elections, it must go and fresh elections must be held under the neutral Government of National Consensus, by an Independent and Impartial Election Commission. We are not saying

anything else. This is the only decision. Please quote my words....

Mr. Chairman : How do you change the Election Commissioner? The Chief Election Commissioner has a tenure under the Constitution. How can we change him?

Syed Iqbal Haider : Sir, we are only pressing our demand.

جناب چیئرمین: پھر طریقہ بھی تو بتائیں کیسے ہو گا۔

Syed Iqbal Haider : It is the people at the helm of affairs they have to decide if they have any interest.

Mr. Chairman : Article 5 says :

"(2) Obedience to the Constitution is the obligation of every citizen."

تو بتائیں ناں کیسے چیف الیکشن کمشنر remove ہو گا۔

Sayed Iqbal Haider : It is very possible, if the government adopts sane attitude in the interest of preserving democratic institutions then everything is possible with the consensus in the Parliament only. This government has pursued the policy not of consensus.

Mr. Chairman : Therefore the Parliament will be retained.

Sayed Iqbal Haider : With the consensus.

Mr. Chairman : Then it means that you will maintain the Parliament.

Syed Iqbal Haider : Sir, this is not the question. The point is whether there is a will for conciliation, the will is lacking from day one. This government is pursuing the policy of confrontation and not of conciliation. Through consensus everything is possible not through confrontation which this government thrives upon. It may be difficult but it is not impossible.

(Interruptions)

Mr. Chairman : Please no cross talks.

Syed Iqbal Haider : Mr. Chairman, the other issue which was raised here that when the forum of the Assembly is available to express the opinion, to vindicate the sentiments then why resort to the streets, this was one of the questions that was raised by your good self as well as by others.

Mr. Chairman : Quite right.

Syed Iqbal Haider : I would like to request you to please bear me for few minutes to give an account of how much we have strived to prevail upon the government to run the National Assembly in a proper, fair and purposeful manner?

Sir, this is only possible when the spate of terrorism against the legislatures is not unleashed by the government. How can you (Mr. Chairman) expect the members of the Assembly from the Opposition when today Bashir Hale Poto MNA on one day is declared by the Government as harbouring the Indian agents, and arrest warrants are issued and tomorrow Bashir Hale Poto switches his loyalties and supports / sits with the treasury then he is branded as very patriotic, law abiding citizen. One day you call another MNA Malik Sikandar as a Patharidar and a dacoit, tomorrow, when he starts supporting Jam Sadiq Ali he becomes a very respectable citizen. The horse trading is being done in such a blatant, illegal and immoral manner and then you say that the members of the Assembly...are free to express their opinion, how can they discharge their functions, who can they possibly act freely without feer from the ... The terrorism started from 6th of August, 1990 during the election, our candidates were arrested despite that we participated in the election. On 17th of November, Jam Sadiq Ali was being elected as the Chief Minister of Sindh, PDA members of the Sindh Assembly were kidnapped, arrested or harassed and victimised and it is on record Sir, on that very day after the proceedings of the Sindh Assembly Jam Sidiq Ali made a categorical statement on the stairs of the Sindh Assembly before the journalists standing there that were ; Jam Sahib we heard that you have kidnapped some of the MPAs of PDA, then Jam Sahib said with pride, no, they are my guests, he did not say that he did not kidnap. Is this the manner of running the Assemblies ? Then the elections of two Senators took place on 1st of December, 1990 and again my MPAs were arrested, again my MPAs were harassed and terrorised and kidnapped and prevented from exercising their votes in the Sindh

Assembly and then you say that it is a proper functioning of the House. Then same drama was staged on 14th of March, 1991 when elections of the Senators took place, again you did the horse trading, again you terrorised my legislatures, again you arrested them, again you kidnapped them with impunity, without any hesitation without any check or restrain and then you say that this is a proper functioning of the Assemblies.

(Interruptions)

My contention is Sir, that you said that 'why' when the forum of the Assembly is available where you can express your opinion then why do you have to go to street, I am saying that, I am prevented from discharging my duty as the representative of the people by the sheer state terrorism, in that context I am saying that.

On 14th of March what a big drama took place Government kept kidnapping our MPAs, Government prevented them from voting and then you say that this is a fair way of functioning of the democracy. In the same way the by-elections took place.

On 10th of January, 1991 even our leaders were arrested and the 30 leaders who were going in the interior of Sindh they were all held back at Gharo and asked not to go to the constituencies or even address the Jalsas, we bore all this. Then Mr. Chairman you are well aware that we boycotted the National Assembly for two months, then there was an agreement reached with the government. Chaudhry Shujat Hussain and Chaudhry Nisar Hussain and Ghous Ali Shah Sahib, they signed that agreement on 9th of April, 1991, in which they said, we will look into the grievances of the PDA against the victimisation of their legislatures, where is that agreement? That agreement was thrown in the bin by no other person than the Nawaz Sharif. Did he respect that? Despite all the atrocities and the cruelties faced by us we still sat with them to negotiate and sign that Agreement. It was three point agreement Mr. Chairman. Number one, the government agrees to investigate into the atrocities committed against the legislatures of the PDA. Number 2 ; if it is proved that they have been denied of the one seat in the Senate then they may be compensated in one way or the other. Number 3 ; a code of ethic will be formed to control and regulate the relations of the Opposition with the Government inside the House and outside the House, who has

violated that agreement ? When we went to investigate on 10th of May, 1991 Mr. Chairman to Sindh, Jam Saddiq Ali said with full grin on his face, gentlemen ; if you have come here to investigate then by, by, I am not here to receive you but if you want to lodge some sort of complaint against me, I am prepare to receive your complaint. So, it was insulted, it was disregarded with complete contempt and then Mr. Nawaz Sharif kept quite, he can not afford to annoy Jam Saddiq Ali. What was the agreement on 9th of April Sir, after that on 10th of April they unilaterally call a joint session of the Assembly and in the joint session of the Assembly without taking Opposition into confidence they unilaterally declare that we will enforce Islam in Pakistan. Then they thrust upon us 12th معاذ اللہ یہ اور وہ اسلام نافذ کریں گے۔ Amendment Sir, without even proper discussion in the National Assembly and then they say that we are conducting the Assembly properly and there is a full liberty to express your opinion. It was on 18th of July 1991, after the imposition of this infamous 12th Amendment. We decided that in this way the government is not allowing democracy to function. Democracy can not function unilaterally Sir, democracy's per-condition is Leader of the House and Leader of the Opposition, it is these are the two wheels, if the two wheels move together only then the vehicle of democracy can proceed further, if you leave the one wheel unattended and untouched then Sir, this vehicle will not move to the direction of prosperity or progress, then you are retarding the process of democracy if you unilaterally take every decision. Then the financial plunders, illegalities, then there is no law and order, complete anarchy that has been conceded by the government that the writ of the government has failed. They are even interfering in the working of the Army, though they have invited the Army under Article 147, that is a concession that the affairs of the State are not being governed in accordance with the law and Constitution and the administrative and constitutional machinery has totally failed.

جناب چیئرمین: یہ نہیں پر وہ بنیادی نقطہ تو وہی ہے کہ protest کرنا ہے آپ نے

(Interruptions)

جناب چیئرمین: آپ نے خود ہی بتایا ہے کہ آپ نے protest کیا آپ نے بائیکاٹ کیا۔ آپ نے protest کیا آپ نے تقریریں کیں۔ تو یہ ایوان میں یہ protest ہو سکتا ہے۔ سٹریٹ میں جانے کی کیا ضرورت ہے۔

Syed Iqbal Haider : This is because the House is not being carried with the two wheels, the House is not being carried, we even signed that agreement on 9th of April, I question Prime Minister why did he show this indifference.

جناب چیئرمین: آپ جو بات کر رہے ہیں۔ It is a kind of protest جس طرح آپ تقریر کر رہے ہیں۔ سب سن رہے ہیں۔ ہم سن رہے ہیں۔ پریس سن رہا ہے۔ اسی طرح آپ کیوں نہیں کرتے ایوان میں۔

Syed Iqbal Haider : Sir, we did everything to convince Nawaz Sharif that you are doing wrong, a great harm to democracy and to this country but he has not prepared to listen.

جناب چیئرمین: اب دیکھیں ناں انگلستان میں I don't think a more important issue has arisen than the one on the mastic treaty. The country was divided fifty fifty, the matter was debated and by three votes John Major carried the debate and by three votes the nation then decided to go and support the master treaty.

Syed Iqbal Haider : I am so glad that you have pointed this.

جناب چیئرمین: تو میں یہ کہہ رہا ہوں کہ آپ کیوں نہیں کرتے۔

سید اقبال حیدر: میں اس نقطے پر بھی آؤں گا۔ I am so glad that you have pointed this thing.

جناب چیئرمین: یعنی تین ووٹوں سے انہوں نے ایک فیصلہ کر لیا۔

Syed Iqbal Haider : I concede where you have rightly pointed out this beautiful example that even with the three votes, the whole nations has supported this , very correct. The same country also wherever the people of that country protest and the government feels that it has not enjoyed full support of the people, then they always go for fresh election before the expiry of their term.

جناب چیئرمین: نہیں۔ وہ صحیح ہے۔ لیکن سٹریٹ میں کب جاتے ہیں۔

Syed Iqbal Haider : The street is an is option when it becomes and impossible to prevail sense in the House or on the government, it is as simple as that. This is one way of protesting and I will come on that also. There is one more point, that fresh election or election before the expiry of the term of the Parliament can not be deemed as unconstitutional or undemocratic. It has happened in large number of countries in more than one time. So, the mere demand that we are

asking fresh election before the expiry of the term does not mean that it is violation of the Consitition. One more thing Sir.

جناب چیئرمین: راجہ افضل صاحب کا اعتراض اس پر نہیں ہے وہ کہتے ہیں کہ street میں لے آئے ہیں۔

سید اقبال حیدر: سٹریٹ پر تو ہم ہمیشہ آتے رہے ہیں۔ ہمیشہ ہوتا رہا ہے میں راجہ صاحب کا دل خوش کر دیتا ہوں۔ انہی کی آئی جے آئی کے فیصلے سے۔

جناب چیئرمین: ایک منٹ point of order سردار آصف صاحب پہلی دفعہ ریز کر رہے ہیں۔ let us see what is the point of order is.

Sardar Asif Ahmed Ali : Sir, I am grateful l to you, I have the highest regard for our colleague from Karachi, particularly the fact that he is a lawyer, perhaps he would like to educate this House that what mechanism is he presenting to this Parliament or achieving the objectives which their long Mach is supposing. We would like to be educated, I am sitting here and waiting for useful proposal that he will give us.

Syed Iqbal Haider : I will definitely try to satisfy one of the enlightened member of the Cabinet. You are complaining why go to street. Street or agitation or expression in the first place is a very much democratic manner of protesting. Secondly Sir, I may also remind you here then I will continue on my main argument that in 1989 November, vote of no confidence was defeated. In December, 1989 it was decided by IJI please mark my world, it was either 4th of December or 6th of December or say 1st week of December, despite the defeat of the vote of no confidence motion IJI decided that they will continue their struggle against the government of Benazir Bhutto both inside the House and outside the House, I will prove it through the Press clippings. On 26th January 1990 a big rally at Karachi was held in pursuance of this decision of the IJI that they will launch a movement against the government of Benazir Bhutto inside the House, outside the House and in pursuance of this decision, a big rally on 26th of January was held which was attended also by the present Prime Minister who was then Chief Minister of Punjab only and the

certificates of patriotism اور محب وطنی اور جمہوریت پسندی were given to those whom they are callied traitor today. Sir, this decision of the IJI which is on record and I undertake to produce that record to you. It was not resented that 'not. you can not demonstrate against us outside the House, you have full liberty to discuss and talk and then the movement was started against the Sindh government. A Hurtal was called on 7th of February 1990, massive agitations and demonstrations took place. My workers were burnt to death, 70 people were killed in one day, my workers were drilled, my workers were kidnapped, my workers were killed through torture, during my government the month of February who was doing it -IJI. I did not indulge, I am so proud that from 1986 till today not a single lamp post has been damaged, not to talk of the body of any individual. We have never indulged in terrorism, we have never indulged in violence, we have only been victim of the terrorism, we have only been receiving violence, we have been boldly facing the lashes and the regours of the imprisonment for committing no crime. Al-zulfiqar is also your own Jam Saddiq Ali's production.

My main point was why we go to the street when the legislatures are traded, how they have the freedom of expression in the House. What is happening in the National Assembly. Our demand is election of the National Assembly not of the Senate Sir.

نیشنل اسمبلی کا حال ہی کچھ اور ہے چوہدری صاحب جو پرسوں فرما رہے تھے کہ یہاں پر تو بلکے اخبار والے بھی لکھ رہے ہیں کہ بھئی سینٹ میں تو کچھ ماحول بھی کچھ اور ہے کہ یہاں پر تو ایک دوسرے سے افہام و تفہیم ہے لیکن ابھی We are talking of the National Assembly. It is the National Assembly and the Provincial Assemblies which are in question and an issue. It is the election to the Provincial Assemblies and National Assembly and we want fresh election.

Mr. Chairman : No, no, point is not there.

Syed Iqbal Haider : Sir, there is interference from all four directions.

(Interruptions)

Syed Iqbal Hiader : What kind of laws are these Sir. Only the PDA members of the National Assembly and Provincial Assemblies

are not entitled to bail. Sir, case is given much publicity on the TV and internationally on Radio everything our case.

Mr. Chairman : I will not allow discussion on court matters and please come to the political matter.

Syed Iqbal Haider : Our has been released on bail.

(As this stage Azan-e-Zohr was going on)

Mr. Chairman : The House is adjourned to meet again tomorrow at 10.00 A.M.

[The House adjourned to meet again at 10.00 A.M. of the clock in the morning on Monday the 16th November, 1992].

PCPPI—584(96) Senate—10-12-99—150.